★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | منگل 22 ذیقعد 1446ھ، 20 مئی 2025ء، 7 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 191

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

میرے ہوتے ہوئے اداروں سے کرپشن کا خاتمہ ہونا افسوسناک ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت چھ گھنٹے طویل خصوصی اجلاس ہوا، ضلعی سالانہ ترقیاتی پروگرام پیش کیا گیا، مریم نواز نے تاریخ میں پہلی بار 12 اضلاع کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کی خود منظوری دی

اس اہم بیٹھک میں ڈسٹرکٹ میں بیوٹی فیکیشن اور انسداد تجاوزات آپریشن کا جائزہ لیا گیا، حکومت کی مجموعی پرفارمنس بہتر رہی مگر بہتری کی بہت گنجائش ہے، عوام میں ریلیف کا حقیقی احساس ہی کامیابی ہے: وزیراعلیٰ

لاہور (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ محکموں میں کرپشن جاری ہے اور میرے ہوتے ہوئے کرپشن ہونا افسوسناک ہے، اس کے خاتمے کیلیے جامع کریک ڈان کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت چھ گھنٹے طویل خصوصی اجلاس ہوا جس میں ضلعی سالانہ ترقیاتی پروگرام پیش کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تاریخ میں پہلی مرتبہ 12 اضلاع کے سالانہ ترقیاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



بیجنگ: وزیرخارجہ اسحاق ڈار کا چین پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

علی امین کی عمران خان سے ملاقات نہ کروانے پر توہین عدالت، جیل حکام سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) عدالتی حکم کے باوجود وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین کی عمران خان سے ملاقات نہ کروانے پر توہین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پاک فضائیہ کے سربراہ کی شہید اسکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کے گھر آمد

تعزیت اور فاتحہ خوانی کی، شہدا کی خدمات، قربانیاں ہمیشہ قوم کی یادوں میں نقش رہیں گی، ایئر چیف

راولپنڈی (این این آئی) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معرکہ حق کے دوران دشمن کے حملے میں شہید ہونے والے اسکواڈرن لیڈر عثمان یوسف کی رہائشگاہ کا دورہ کرکے سوگوار خاندان سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ ایئر چیف نے بھارتی جارحیت میں شہید اسکواڈرن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

چین پاک تعلقات کو مسلسل فروغ مل رہا ہے، چینی وزارت خارجہ

چین اور پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون کے شراکت دار ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلے اور مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری ہے، ترجمان

چین پاکستان کے وزیرخارجہ کے موجودہ دورہ چین کو دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر مزید عمل درآمد کے موقع کے طور پر دیکھنے کا خواہاں ہے

بیجنگ (این این آئی) چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے یومیہ پریس کانفرنس میں چین پاک تعلقات کے حوالے سے سوال کے جواب میں کہا ہے کہ چین اور پاکستان ہمہ موسمی اسٹریٹجک تعاون کے شراکت دار ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے تبادلے اور مختلف شعبوں میں قریبی تعاون جاری ہے۔ پیر کو ترجمان نے کہا کہ چین پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پاکستان سفارتی محاذ پر بھی سرگرم، اسحاق ڈار 3 روزہ دورے پر چین روانہ

وزیرخارجہ چینی ہم منصب سے جنوبی ایشیا کی صورتحال اور اثرات پر بات کریں گے، دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے: ذرائع

اسحاق ڈار چینی وزیرخارجہ کے ہمراہ افغان وزیرخارجہ سے بھی ملاقات کریں گے، بھارت سے جنگی صورتحال ودیگر امور پر بات ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کو میدان میں ناکوں چنے چبوا کر پاکستان سفارتی محاذ پر بھی سرگرم ہو گیا، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار تین روزہ دورے پر چین روانہ ہوگئے ہیں۔ وزیرخارجہ چینی ہم منصب سے جنوبی ایشیا کی صورتحال اور اثرات پر بات کریں گے، دونوں رہنما پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیں گے، دونوں رہنما باہمی دلچسپی کے علاقائی و عالمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



کراچی: وزیراعظم شہباز شریف ایک روزہ دورہ پر کراچی ایئرپورٹ سے بار آرہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف ایک روزہ مختصر دورے پر کراچی پہنچ گئے

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور گورنر سندھ نے ایئرپورٹ پر وزیراعظم کا استقبال کیا

کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف ایک روزہ مختصر دورے پر کراچی پہنچ گئے، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے ایئرپورٹ پر وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم آپریشن بنیان مرصوص میں کردار ادا کرنے والے پاک بحریہ کے جوانوں اور افسران سے ملاقات کریں گے اور بھارتی بحریہ کے جارحانہ عزائم ناکام بنانے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بھارت اسرائیل ہے نہ پاکستان فلسطین، حملے کا ردعمل وحشیانہ ہوگا

پاک فوج

کشمیر ایک بین الاقوامی تسلیم شدہ تنازع ہے، بھارت مسئلہ کشمیر کو جبر سے اسے اندرونی مسئلہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے، بھارت جتنی جلدی یہ سمجھ جائے گا یہ علاقائی اور عالمی امن کیلئے اچھا ہوگا

بھارت پہلگام واقعے میں کوئی بھی ثبوت دینے میں ناکام رہا، بھارتی حکومت ان واقعات کو دہشت گردی کے بہانے کے طور پر استعمال کر رہی ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ بھارت مسئلہ کشمیر حل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا، پاکستان بھارتی تسلط کے سامنے نہیں جھکے گا۔ ترک نیوز ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)



راولپنڈی، آئی ایس پی آر کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری ترکیہ کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کو انٹرویو دیتے ہوئے

وزیر ریلوے کی جرمن سفیر الفریڈ گراناز سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان میں جرمن سفیر محترم الفریڈ گراناز سے ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی کا جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ

انڈر پاس کی تعمیر سے ایئرپورٹ تا مری و کشمیر تک سگنل فری کوریڈور کی سہولت ملے گی، وزیرداخلہ

اسلام آباد (این این آئی) جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس پراجیکٹ کا تقریباً 90 فیصد کام مکمل کرلیا گیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے علی الصبح جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس پراجیکٹ کا دورہ کیا، وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری بھی ہمراہ تھے۔ محسن نقوی نے تعمیراتی کام پر پیشرفت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



لاہور: صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے 40ویں سنڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

خطے میں پائیدار امن چاہتے ہیں: وزیرداخلہ

قطر کے وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور وزیرداخلہ کے ساتھ ملاقاتوں میں دوطرفہ تعاون کو آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی سے قطر کے سفیر علی مبارک علی عیسیٰ الخطیر نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور قطر کے درمیان تعلقات سمیت دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کے حالیہ دورہ قطر کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: وزیربلدیات ذیشان رفیق لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام پر جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری بھی موجود ہیں

سٹیئرنگ کمیٹی کی ایل ڈی پی کی مقررہ ٹائم لائن پر عملدرآمد کی ہدایت

عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں کے فوراً بعد کام کی رفتار میں مزید تیزی لانا ہوگی، عظمیٰ بخاری

معیار کے ساتھ شفافیت پر بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، معاون خصوصی ذیشان ملک

لاہور (خبرنگار) وزیربلدیات ذیشان رفیق کی زیرصدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) کی سٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس کے دوران اب تک ہونے والی پیشرفت کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

موجودہ قیادت اور افواج نے بھارت کو دن میں تارے دکھا دیے، احسن اقبال

ہماری مسلح افواج نے ثابت کیا کہ جنگیں تعداد سے نہیں صلاحیت سے لڑی جاتی ہیں، نارووال میں خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ موجودہ قیادت اور افواج پاکستان نے بھارت کو دن میں تارے دکھا دیے۔ نارووال میں ریسکیو سروس کی افتتاحی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بھارت کا بلیم گیم دنیا کے سامنے بے نقاب ہوچکا: اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحٰق ڈار کا چین پہنچنے پر تپاک استقبال، دنیا جان چکی پاکستان پر لگائے گئے تمام الزامات غلط تھے، اسحٰق ڈار

وزیرخارجہ اسحٰق ڈار دورے کے دوران اعلیٰ سطح پر ملاقاتیں کریں گے جن میں باہمی تعاون پر تبادلہ خیال ہوگا: ذرائع

بیجنگ (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار چین کے 3 روزہ دورے پر دارالحکومت بیجنگ پہنچ گئے، بیجنگ ایئرپورٹ پر چینی حکام اور پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی نے اسحٰق ڈار کا استقبال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحٰق ڈار دورے کے دوران اعلیٰ سطح پر ملاقاتیں کریں گے جن میں باہمی تعاون پر تبادلہ خیال ہوگا۔ ادھر افغانستان کے عبوری وزیرخارجہ امیر متقی بھی (آج) منگل کو چین پہنچیں گے، ذرائع کے مطابق تینوں ملک باہمی تجارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

صدر پی ٹی آئی پرویز الٰہی کی لاہور میں شاہ محمود سے ملاقات

شاہ محمود کی خیریت دریافت کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا، مہربانو قریشی و دیگر بھی موجود تھے

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی نے لاہور میں زیرعلاج شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی۔ چوہدری پرویز الٰہی نے اس موقع پر شاہ محمود کی خیریت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال ریسکیو سروس کے افتتاح پر ایمرجنسی آفیسر کو ایمبولینس کی چابی دے رہے ہیں

ندیم افضل چن نے بلاول بھٹو سے متعلق وزیراعظم کے فیصلے کو دانشمندانہ قرار دیا

ذوالفقار علی بھٹو اور بینظیر بھٹو کی سفارتی خدمات کو دنیا آج بھی کھلے دل سے تسلیم کرتی ہے، بیان جاری

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ندیم افضل چن نے وزیراعظم کے بلاول بھٹو کو سفارتی وفد کی قیادت دینے کے فیصلے کو دانشمندانہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ضلع لیہ سے تعلق رکھنے والی طالبہ بسم اللہ ممتاز خان دریشک نے ایم ایس سی ایگریکلچر ہارٹیکلچر کی ڈگری حاصل کرلی



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کی ضلع لیہ سے تعلق رکھنے والی طالبہ مس بسم اللہ ممتاز خان دریشک نے ایم ایس سی ایگریکلچر ہارٹیکلچر کی ڈگری نمایاں کامیابی کے ساتھ حاصل کرلی گورنر پنجاب اور چانسلر یونیورسٹی سردار سلیم حیدر خان نے سالانہ کانوکیشن میں مس بی ایم خان کو ایم ایس سی کی ڈگری دی۔

براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری میں معمولی کمی، چین بدستور سرفہرست

جولائی 2024 سے اپریل 2025 تک 1.78 بلین ڈالر کی براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری کی گئی

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی دس ماہ میں براہ راست غیرملکی سرمایہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

مودی ناقابل اعتبار، مسئلہ کشمیر قراردادوں سے حل کیا جائے، برجیس طاہر

قومی خودمختاری، عزت پر کوئی سمجھوتہ نہیں، آپریشن بنیان المرصوص نے قوم و فوج کو متحد کیا

سانگلہ ہل (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر، سابق گورنر اور وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

پنجاب اسمبلی، وزراء کی حاضری کیلئے نئی پالیسی نافذ

متعلقہ وزیر کی حاضری یقینی بنانے کیلئے اسمبلی اجلاس کے ایجنڈے میں وزراء کے ناموں کی فہرست شامل کی جائے گی

تحریک التوائے کار کے سامنے بھی جواب دینے کے ذمہ دار وزیر کا نام درج کیا جائے گا، اراکین اسمبلی کی اسمبلی کی ستائش

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں وزراء کی غیرحاضری کے بڑھتے ہوئے رجحان کے پیش نظر سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے بڑا اور اہم فیصلہ کرلیا ہے۔ اب اسمبلی اجلاس کے ایجنڈے میں وزرا کے ناموں کی فہرست شامل کی جائے گی تاکہ بزنس کے دوران متعلقہ وزیر کی حاضری اور جواب دہی یقینی بنائی جاسکے۔ تفصیلات کے مطابق اسمبلی کے ایجنڈے میں ہر تحریک التوائے کار کے سامنے اس وزیر کا نام بھی درج کیا جائے گا جو اس کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

ملک گیر انسداد پولیو مہم 26 مئی سے شروع ہوگی

لاہور (این این آئی) ملک گیر انسداد پولیو مہم کا آغاز 26 مئی سے ہوگا۔ مہم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

جنگی جنون میں مبتلا مودی سرکار ملک کے سفارتی تعلقات خراب کرنے پر تُل گئی

نئی دہلی (این این آئی) مودی حکومت نے پاکستان کی دشمنی میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

سٹیئرنگ کمیٹی کی ایل ڈی پی کی مقررہ ٹائم لائن پر عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیرصدارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

ملالہ نے جنگ زدہ لبنان میں بچوں کی تعلیم کیلئے رقم عطیہ کردی

فخر محسوس ہورہا ہے کہ تعلیم اور بحالی کی کوششوں کیلئے ڈیڑھ لاکھ ڈالر کی ایمرجنسی گرانٹ دی

لاہور (این این آئی) سماجی کارکن اور نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسف زئی نے جنگ زدہ لبنان میں بچوں کی تعلیم کیلئے ڈیڑھ لاکھ ڈالر کی رقم عطیہ کردی۔ سوشل میڈیا پر بیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



اسلام آباد، وفاقی وزیر کامرس جام کمال خان سے بیلاروس کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

مسلم لیگ (ن) کی عمران خان کی پیرول پر رہائی کی مخالفت

پیرول پر رہائی کا کوئی جواز نہیں، بھارت نے 2019 میں بالاکوٹ پر حملہ کیا تو نواز شریف جیل میں تھے

کیا ہم کہتے تھے کہ نواز شریف کو پیرول پر رہا کرو، تو ہم بات چیت کریں گے، پارلیمانی لیڈر عرفان صدیقی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی پیرول پر رہائی کی مخالفت کردی۔ مسلم لیگ (ن) کے سینیٹ میں پارلیمانی لیڈر سینیٹر عرفان صدیقی نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی پیرول پر رہائی کا کوئی جواز نہیں، پہلے کون پیرول پر رہا ہوا ہے جو عمران خان کو رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2019ء میں بالاکوٹ پر حملہ کیا تو نواز شریف کوٹ لکھپت جیل میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پاکستان اور چین کا دفاعی تعاون جنگی برتری میں تبدیل، عالمی میڈیا کا بھی اعتراف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین کا دفاعی تعاون جنگی برتری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

سپر ٹیکس کیس: انکم ٹیکس آرڈیننس کے سیکشن فور بی پر ایف بی آر کے وکلا کے دلائل مکمل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سپر ٹیکس سے متعلق کیس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ امریکی عہدیداران سے امریکا، پاکستان تعلقات بارے تبادلہ خیال کررہے ہیں

بلاول بھٹو کا سفارتی محاذ پر انتخاب بہترین فیصلہ ہے، حسن مرتضیٰ

پیپلز پارٹی قیادت کی خارجہ امور پر خدمات کی ایک روشن تاریخ ہے، جنرل سیکرٹری وسطی پنجاب

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو کا سفارتی محاذ پر انتخاب بہترین فیصلہ ہے، پیپلز پارٹی قیادت کی خارجہ امور پر خدمات کی ایک روشن تاریخ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: وفاقی وزیر میاں معین وٹو سے سابق وزیراعلیٰ کے پی کے سینیٹر پیر صابر شاہ ملاقات کررہے ہیں

چین اور امریکا کے درمیان ٹیرف میں کمی فائدہ مند ہے، چینی ترجمان

بیجنگ (این این آئی) چین نے کہا ہے کہ چین اور امریکا کے درمیان محصو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

کرپشن کی وجہ سے یوکرین کو یورپی یونین میں شامل نہیں کیا جاسکتا، ہنگری

کیف (این این آئی) ہنگری نے یوکرین کو یورپی یونین میں شامل کرنے کے خلاف خبردار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ملیجیئم کا نوجوان فریضہ حج کے لیے سائیکل پر سعودی عرب پہنچ گیا

ریاض (این این آئی) ملیجیئم سے ایک نوجوان فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے ہزاروں کلومیٹر کی مسافت اور تین ماہ کا طویل سفر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا مثبت آغاز، انڈیکس میں 500 پوائنٹس سے زائد اضافہ

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروباری ہفتے کا آغاز مثبت رجحان کے ساتھ ہوا، جہاں سرمایہ کاروں کی دلچسپی اور مارکیٹ میں بہتری کے اثرات کے باعث (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

نرسوں کے ریفریشل کورسز کروائے جارہے ہیں، صوبائی وزیرصحت

نرسنگ شعبہ کی بہتری کیلئے بنیادی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیرصحت خواجہ سلمان رفیق نے علامہ اقبال میڈیکل کالج میں انٹرنیشنل نرسز ڈے 2025 کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر وحید اصغر، پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا تحصیل سٹی کا دورہ کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب سید موسیٰ رضا تجاوزات کے خلاف آپریشن کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی قیادت میں شہر سے تجاوزات کا صفایا، شہریوں کو ریلیف

4000 سے زائد تجاوزات مسمار، 36 ٹرک سامان ضبط، متعدد ایف آئی آرز اور املاک سربمہر

اسلام پورہ، مال روڈ، انارکلی سمیت اہم علاقوں اور سڑکوں پر بلا امتیاز آپریشن جاری

لاہور (خبرنگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا کی تحریک قیادت میں ضلعی انتظامیہ لاہور نے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف ایک وسیع اور نتیجہ خیز گرینڈ آپریشن جاری رکھا ہوا ہے، جس کا مقصد لاہور کو تجاوزات سے پاک کر کے شہریوں کے لیے راستے کشادہ کرنا اور شہر کی خوبصورتی کو بحال کرنا ہے۔ چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور شاہد عباس کاظمیہ کی نگرانی میں جاری اس کارروائیوں کے دوران اب تک ہزاروں کی تعداد میں غیر قانونی تجاوزات کو ختم کیا جا چکا ہے، جس سے شہر کے مختلف حصوں میں بہتری نمایاں ہوئی ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے مشترکہ آپریشن میں معاشرے میں ایک بات عام ہوئی ہے کہ ہم دوسروں سے تعلق اس لیے رکھتے ہیں کہ وہ مجھے کیا دے گا؟ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نامہ خصوصی) ایمرجنسی سروسز 1122 سیالکوٹ ریجن کے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد عثمان ریاض کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈسکہ کیپٹن (ر) محمد عثمان ریاض کی زیر نگرانی ڈسکہ کے مختلف علاقوں میں ٹریفک آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا۔ مہم کا مقصد شہریوں کو ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ ڈرائیونگ اور حادثات کے دوران فوری ردعمل کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔ مہم کے دوران ڈسکہ کے مصروف چوراہوں، تعلیمی اداروں کے باہر اور بازاروں میں ریسکیو اہلکاروں نے شہریوں سے براہ راست رابطہ کیا۔ انہیں ٹریفک سگنلز کی اہمیت، ہیلمٹ کے استعمال، اوورٹیکنگ سے گریز اور موبائل فون استعمال کیے بغیر گاڑی چلانے کے نقصانات سے آگاہ کیا گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے شہریوں میں ہیلمٹ اور حفاظتی پمفلٹ بھی تقسیم کیے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈسکہ کیپٹن (ر) محمد عثمان ریاض نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز 1122 کا مقصد صرف حادثات کے بعد جائے وقوعہ پر پہنچنا نہیں بلکہ شہریوں کو آگاہی فراہم کر کے حادثات کی روک تھام بھی ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ ہر شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کرے تاکہ قیمتی جانوں کو بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ریسکیو 1122 ہمیشہ عوام کی خدمت کے لیے موجود ہے اور ہر ایمرجنسی کال پر فوری ردعمل کو یقینی بناتا ہے۔

پسِ پردہ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کا حکم

بی کی روڈ، پاک پتن روڈ اور آڑا طہ روڈ پر جاری کام کو جلد مکمل کیا جائے، ٹریفک اور پبلک سہولیات کو ترجیح دی جائے، ڈی سی

ساہیوال (ہمدرد نیوز بیورو) ڈپٹی کمشنر ساہیوال محمد علی بھٹی نے پسِ پردہ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے اور کام مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کر دی ہے، بی کی روڈ، پاک پتن روڈ اور آڑا طہ روڈ پر جاری کام کو جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات ختم کی جا سکیں۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں پسِ پردہ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈائریکٹر کوارڈینیشن ڈاکٹر سید اللہ بھٹی، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ساہیوال (میجر ریٹائرڈ) محمد اسلم بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد ذوالقرنین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ترقیات) محمد ذوالقرنین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 20 مئی 2025ء

ایم این اے علی زاہد خاں، خرم ورک رانا فیاض کی قیادت میں یوم تشکر ریلی

اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار کی خصوصی شرکت، افواج پاکستان زندہ باد کے نعرے، لوگوں کا جوش وجذبہ دیدنی تھا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ممبر قومی اسمبلی علی زاہد خاں، پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض اور Mpa خرم ورک پارلیمانی سیکرٹری بلدیات کی زیر قیادت افواج پاکستان کی پاک بھارت جنگ میں فقید المثال کامیابی پر پسرور میں یوم تشکر ریلی کا انعقاد ہوا۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور سدرہ ستار کی ریلی میں خصوصی شرکت کی۔ پارلیمانی سیکرٹری بلدیات چوہدری خرم خان ورک اور MPA رانا محمد فیاض کے قافلے ان کی قیادت میں یوم تشکر ریلی مقام آغاز ڈیرہ علی زاہد خاں پسرور پہنچے جہاں سے ریلی پرانا نادرہ چوک پر اختتام پذیر ہوئی چیئرمین وائس چیئرمین صاحبان، کونسلر اور حلقہ سے ہزاروں لوگوں نے سینکڑوں گاڑیوں میں شرکت کی۔ اس موقع پر ممبران قومی و صوبائی اسمبلیوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انڈیا کے جھوٹے پروپیگنڈے کو مسترد کرتے ہیں۔ اگر انڈیا نے دوبارہ حملہ کرنے کی جرات کی تو افواج پاکستان اسکا بھرپور انداز میں جواب دے گی اور اللہ کے فضل و کرم سے جیت پاکستان کی ہوگی۔ ریلی کے دوران لوگوں کا جوش وخروش دیدنی تھا آئندہ بھارت کبھی پاکستان کی سالمیت کی طرف آنکھ نہیں کرے گا۔ اگر کسی قسم کی بھارت نے جارحیت کی تو اس کو پہلے سے کبھی زیادہ خطرناک انداز میں جواب دیا جائے گا جو اس کی نسلیں یاد رکھیں گی۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے شہر بھر میں اشیائے ضروریہ کے معیار کی جانچ کے لئے 102، انسپکشنز کیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے شہر بھر میں اشیائے ضروریہ کے معیار کی جانچ کے لئے 102، انسپکشنز کیں اور اصلاحاتی نوٹسز جاری کرنے کے ساتھ متعدد دکانداروں کو قوانین کی خلاف ورزی پر 72 ہزار روپے کے جرمانے عائد کئے۔ علاوہ ازیں کریانہ سٹورز سے دوران معائنہ ایکسپائرڈ اشیاء کی بڑی مقدار برآمد کر لی گئیں۔ یہ ایکسپائرڈ اشیاء فریش سٹاک کے ساتھ ملا کر فروخت کی جا رہی تھیں۔

ڈی ای او نارووال انجینئر نعیم اختر ٹریفک حادثہ میں شہید ہو گئے

مرحوم بہترین انسان دوست شخصیت تھے۔ انجینئر نوید اقبال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خدمت میں عظمت پر یقین رکھنے والے ریسکیو سنٹر نارووال مسجد میں امامت کا فریضہ سرانجام دینے والے نیک و رحم دل انسان ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نارووال انجینئر محمد نعیم اختر دوران ڈیوٹی ٹریفک حادثہ میں شہید ہو کر اللہ کے حضور پیش ہو گئے۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر سیالکوٹ نوید اقبال نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ محمد نعیم اختر آگ لگنے کی اطلاع پر جائے وقوعہ کی طرف روانہ ہوئے ٹریفک بلاک کی وجہ سے اپنی گاڑی سے اترے کہ پیدل جا کر ریسکیو کے عمل میں حصہ لیں اور موقع پر موجود ریسکیو ٹیم کو سپورٹ کریں کسی گھر کو جلنے سے بچالیں اپنی گاڑی سے اترتے وقت انہیں پیچھے سے انیوالی تیز رفتار گاڑی نے ٹکر ماردی جو انہوں نے موقع پر دم توڑ دیا۔ مرحوم اپنی فیملی کی مدد سے ریسکیو سنٹر پر مسجد تعمیر کرا کر خود امامت کی سعادت حاصل کرتے تھے۔

دفاع وطن عزیز کی خاطر پاک افواج نے بے شمار عظیم قربانیاں پیش کی ہیں

عوام الناس سوشل میڈیا پر پروپیگنڈوں سے ہوشیار رہیں: سید اعجاز حسین



بھلوال (تحصیل رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بھلوال چیئرمین مجلس عاملہ سید اعجاز حسین شیرازی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ دفاع وطن عزیز کی خاطر پاک افواج نے بے شمار عظیم قربانیاں پیش کی ہیں لیکن پاکستان کی سالمیت و بقاء پر کبھی آنچ نہیں دی۔ عوام الناس سوشل میڈیا پر پروپیگنڈوں سے ہوشیار ہیں۔ غیور قوم پاک افواج ایئر فورس اور پاک نیوی کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مادر وطن کی حفاظت کیلئے پاک افواج اپنی جان کی بازی لگاتے ہوئے سرحدوں پر اپنی بہترین خدمات سر انجام دے رہی ہے انہی کی بدولت ہم راتوں کو سکھ وچین کی نیند سوتے ہیں سرحدوں کی حفاظت کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں ہمیں ان پر فخر ہے اور یہ فخر ہمیشہ قائم رہے گا

پٹرول پمپوں پر ہیرا پھیری سے کروڑوں روپے ماہانہ کی لوٹ مار سے شہری پریشان

بھلہم (بیورو رپورٹ) بھلہم چیک اینڈ بیلنس کا نظام مفلوج شہر سمیت ضلع بھر کے پٹرول پمپوں پر ہیرا پھیری سے کروڑوں روپے ماہانہ کی لوٹ مار سے شہری پریشان، شہریوں کے مطالبے پٹرول پمپس کی مشینوں کے سافٹ ویئر میں رد و بدل، نوزل لاک لگانے، صارف کو باتوں میں الجھا کر میٹر آگے کرنا معمول بن چکا ہے جبکہ بیشتر پیٹرول پمپ پر ریٹس کا بھی واضح فرق، نواحی اور مضافاتی علاقوں میں رکھی گئی مشینوں پر نرخوں کا واضح فرق ہوتا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ ہیر پھیر کرنے والے مالکان کیساتھ کسی بھی قسم کی نرمی نہیں ہونی چاہئے۔

بجلی چوروں کیخلاف آپریشن تیز، ڈیفالٹرز کا گھیراؤ جاری ہے: اظہر اقبال گھمن

ایس ڈی او ڈیفنس روڈ و فیلڈ ٹیم کو شاباش۔ ایکسیئن سٹی 3



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سپرنٹنڈنٹ انجینئر گیپکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید خان کی زیر قیادت سٹی 3 کے تمام سب ڈویژنز آفیسرز معہ ریکوری و فیلڈ ٹیم نے پاور ڈویژن کے اہداف کامیابی سے حاصل کرتے ہوئے کروڑوں کی ریکارڈ ریکوری اور بجلی چور پکڑے اور ڈکیشن بلز کی صورت بھی قومی خزانے میں لاکھوں روپے جمع کروائے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایس ڈی او ڈیفنس روڈ حافظ ذبیح اللہ، عاصم سہیل، میٹر انسپکٹر غلام باری و فیلڈ عملہ نے جس تندہی کیساتھ دن رات آپریشن کیا وہ لائق تحسین ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ ایس ای گیپکو سیالکوٹ کیجانب سے ماہانہ اہداف کو دن رات کے اوقات میں بھرہور محنت کیساتھ اچیو کیا جائے جس کیلئے میٹنگز کے بعد ہر روز فیلڈ ورک کی جا رہا ہے۔

افواج پاکستان نے متکبر بھارت کا بھرکس نکال دیا۔ انجینئر ذیشان امتیاز

پاکستانی قوم بنیان المرصوص کا مظہر بن کے سامنے آئی۔ معروف آئی ٹی ایکسپرٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان کے ازلی دشمن نے جارحیت کا ارتکاب کرتے وطن عزیز پاکستان پر جنگ مسلط کی تو حکومت وقوم کے جذبات کی بہترین ترجمانی کرتے ہوئے بہادر و باصلاحیت افواج پاکستان نے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی کمانڈ میں رات کے اندھیرے میں حملہ کرنے والے دشمن بھارت اور میجر نریندر مودی کو بھارت کے اندر گھس کر اسکے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز سے لیکر ایئر فیلڈز و جدید ترین دفاعی سسٹم کو دن کے اجالے میں تباہ و برباد کر کے وہ عبرت ناک سبق دیا کہ دنیا ہائے ممالک بھی پاکستان کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکیں۔ ان باتوں کا اظہار انجینئر ذیشان امتیاز نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔

سنی علماء کونسل کے زیر انتظام یوم تشکر و فتح مبین سیمینار کا انعقاد، یادگار شہداء پر کیا گیا افواج پاکستان کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سنی علماء کونسل کے زیر انتظام یوم تشکر و فتح مبین سیمینار کا انعقاد یادگار شہداء پر کیا گیا افواج پاکستان کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا تفصیلات کے مطابق سیمینار سے قائد سنی علماء کونسل ابن مورخ اسلام حضرت مولانا محمد نعمان ضیاء فاروقی اور ابن سفیر ختم نبوت مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم پی اے مولانا عبد القادر چنیوٹی امیدوار قومی اسمبلی چوہدری محمد سعید ضلعی صدر سنی علماء کونسل، ضلعی رہنماء سنی علماء کونسل ملک محمد احمد، قاری محمد طاہر رشید ضلعی صدر پاکستان راہ حق پارٹی، مولانا ملک خلیل اشرفی ممبر امن کمیٹی مولانا شبیر احمد عثمانی انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ، مولانا مفتی افضال جمعیت علمائے اسلام، جماعت اسلامی سے سید نور الحسن شاہ، اور میڈیا نمائندگان سول سوسائٹی کے ذمے داران نے خطاب کیا۔

وفاقی وزیر احسن اقبال نے قلعہ احمد آباد میں ریسکیو 1122 سروس کا افتتاح کر دیا

پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد کے صدر مرزا شکیل احمد و دیگر ویلفیئر سوسائٹیز کے صدور اور مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی مشترکہ درخواست پر ریسکیو 1122 ایمبولینس سروس کا تحفہ قلعہ احمد آباد کو دیا گیا













قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد وفاقی وزیر احسن اقبال اور صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے رورل ہیلتھ سنٹر قلعہ احمد آباد میں ریسکیو 1122 ایمبولینس سروس کا افتتاح کیا چند ماہ پہلے مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد کے رہنماؤں اور ویلفیئر سوسائٹیز کے صدور نے بذریعہ درخواست وفاقی وزیر احسن اقبال کو اس بات کی نشاندہی کروائی کہ قلعہ احمد آباد اور ملحقہ گاؤں قلعہ احمد آباد تا نونار، لالہ، جیستی والا، دھیر فلیز پور، تخت پور و دیگر گاؤں کہیں بھی ایمرجنسی ایمبولینس سروس مہیا نہ ہے مختلف وجوہات کی بناء پر آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں اور ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 نارووال سے میسر ہوتی ہے جس کی مسافتی وقت 15 سے 20 منٹ درکار ہوتا ہے جس کی وجہ سے کئی بار جلد طبی امداد نہ ملنے پر جانی نقصان ہو جاتا ہے وفاقی وزیر احسن اقبال نے اس درخواست پر رورل ہیلتھ سنٹر قلعہ احمد آباد میں ریسکیو 1122 ایمبولینس سروس کا افتتاح کیا ان کے ساتھ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان بھی موجود تھے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ نارووال میں بہترین تعلیمی ادارے قائم ہو چکے نوجوانوں کو دوسرے شہر نہیں جانا پڑے گا انہوں نے اپنے خطاب میں قوم کو مبارکباد دی کہ ہماری حکومت نے دو گھنٹے میں انڈیا کی چیخیں نکلوا دی انہوں نے کہا کہ ہم نوجوانوں کو یونیورسٹیاں، سکالرشپ اور آئی ٹی سکلز دے رہے ہیں جبکہ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جلد ہی قلعہ احمد آباد تا لالہ اور نونار روڈ کی تعمیر شروع ہو جائے گی اور جلد ہی کالجز پہ بھی کام شروع ہو جائے گا مرزا شکیل احمد کو وفاقی وزیر احسن اقبال نے بہترین خدمات پر شیلڈ دی جبکہ ملک محمد عثمان کو سوشل میڈیا مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد صدر کا نوٹیفکیشن دیا اس موقع پر مقررین سر نیاز حسین، مرکزی انجمن تاجران قلعہ احمد آباد کے صدر احتشام بٹ، عزیر بٹ نے بھی خطاب کیا اور وفاقی وزیر احسن اقبال وصوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کا شکریہ ادا کیا اس افتتاحی تقریب میں زاہد محمود رانا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع نارووال اور مقامی مسلم لیگ ن قلعہ احمد آباد کے سٹی صدر اعجاز بٹ المعروف بابا چاندی، جنرل سیکرٹری ملک محمد شہباز، سینئر نائب صدر مرزا محمد مالک، سینئر نائب صدر سید ضیاء حسین شاہ، نائب صدر اول محمد عارف بٹ بھائی، نائب صدر افضل پنوں، نائب صدر رحمت مسیح، نائب صدر ارشد مغل، نائب صدر راول سجاد، جوائنٹ سیکرٹری محمد آصف مغل، فنانس سیکرٹری افتخار بٹ، آفس سیکرٹری شاہد مغل موجود تھے۔ قلعہ احمد آباد و گردونواح کے لوگوں نے تمام قائدین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی اس کاوش کو سراہا۔

شرقپور شریف میں کھابہ پوائنٹ کی مشہور برانچ ایچ ایم فوڈ پر پروقار تقریب منعقد ہوئی

تقریب میں پریس کلب شرقپور شریف رجسٹرڈ کے عہدیداران اور ممبران کے اعزاز میں پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) حاجی شبیر اقبال 21 آف آسٹریلیا کی جانب سے شرقپور شریف میں کھابہ پوائنٹ کی مشہور برانچ ایچ ایم فوڈ پر پر وقار تقریب منعقد ہوئی جس میں پریس کلب شرقپور شریف رجسٹرڈ کے عہدیداران اور ممبران کے اعزاز میں پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانان گرامی جن میں چوہدری ارشد محمود منڈا رہنما پاکستان تحریک انصاف۔ ایم پی اے اویس عمر ورک۔ سی ای او (RCDS) مرتضی کھوکھر تھے۔ پریس کلب شرقپور شریف رجسٹرڈ کے صدر راؤ مزمل۔ جنرل سیکرٹری فضل قیوم خان۔ سرپرست اعلی ملک جاوید اقبال۔ چیئرمین قربان علی شرقپوری، وائس چیئرمین چمن خان سینئر نائب صدر عامر مجید نوشاہی، نائب صدر محمد زمان بولا، سیکرٹری نشر واشاعت ڈاکٹر محمد شہباز، راؤ عمار خان، زیشان علی، حاجی قاسم علی سمیت پریس کلب کے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر حاجی شبیر اقبال آف آسٹریلیا اور چوہدری ارشد محمود منڈا اور ایم پی اے چوہدری اویس عمر ورک نے پریس کلب رجسٹرڈ شرقپور شریف کی جانب سے علاقہ بھر میں مثبت صحافتی سرگرمیاں سر انجام دینے پر ان کی صحافتی سرگرمیوں کو سراہا اور انکی مزید کامیابیوں کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

شرقپور شریف میں سرکلر روڈ نزد فاروق گجر ہسپتال نو وا میڈیکل سینٹر ہسپتال کا افتتاح کیا گیا

مہمان خصوصی ایم پی اے چوہدری اویس عمر ورک اور حاجی شبیر اقبال 21 آسٹریلیا نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف مین سرکلر روڈ نزد فاروق گجر ہسپتال نو وا میڈیکل سینٹر ہسپتال کا افتتاح کیا گیا۔ مہمان خصوصی ایم پی اے چوہدری اویس عمر ورک اور حاجی شبیر اقبال 21 آسٹریلیا نے باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا اس موقع پر چوہدری عنصر۔ ڈاکٹر فاروق احمد گجر ڈاکٹر عبدالرؤف گجر ملک جاوید اقبال زیشان بلا اور دیگر معززین علاقہ نے شرکت کی ہسپتال کے سی ای او عثمان علی ملک نے بتایا یہاں مختلف شعبہ جات کے پانچ ڈاکٹر روزانہ کی بنیاد پر ڈاکٹر حافظ محمد عمر سہیل، ڈاکٹر شکیل سرور سندھو، ڈاکٹر رضوان منیر، ڈاکٹر سائرہ طیب، ڈاکٹر رامین فاطمہ بیٹھا کریں گے آخر پر سی ای او عثمان علی ملک نے آئے ہوئے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا

ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی عدم توجہی کے باعث رحمان کالونی کی گلیاں اور نالیاں گندگی سے بھر گئیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی عدم توجہی کے باعث رحمان کالونی کی گلیاں اور نالیاں گندگی سے بھر گئیں اہل محلہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق سرگودھا روڈ پر واقع رحمان کالونی میونسپل کمپنی جھنگ کی حدود میں واقع ہے جہاں پر کبھی بھی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا کوئی ملازم صفائی ستھرائی کے لیے نہیں گیا گلیوں اور پلاٹوں میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر لگے پڑے ہیں جس سے رحمان کالونی وزیر اعلیٰ پنجاب کا ستھرا پنجاب کی بجائے گندگی میں تبدیل ہو گئی ہے رحمان کالونی کی نالیاں کی صفائی نہ ہونے کے باعث گندگی سے بھری پڑی ہیں نالیوں کا گندہ پانی گلیوں میں کھڑا رہتا ہے جس سے اہلیان محلہ کو گلیوں سے گزرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے دارارقم سکول نارنگ اور میں فری آئی کیمپ لگایا گیا

جماعت اسلامی بین الاقوامی سطح پر خدمت کر رہی ہے: امیر زاہد عمران کو روٹانہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے دار ارقم سکول نارنگ اور میں فری آئی کیمپ لگایا گیا جس میں درجنوں مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور مفت ادویات دی گئیں اس موقع پر جماعت اسلامی کے ضلعی امیر زاہد عمران کو روٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی بین الاقوامی سطح پر خدمت کر رہی ہے نارنگ منڈی اور کھنڈانے لگائے گئے فری آئی کیمپ میں درجنوں مریضوں کا چیک اپ کیا گیا ہے جن کے آپریشن کرنے پڑے ان کے فری آپریشن کیے جائیں گے ضلع شیخوپورہ بھر میں جماعت اسلامی کو مزید فعال کیا گیا تا کہ خدمت کا دائرہ مزید وسعت اختیار کر سکے ان شاء اللہ عوامی خدمت کا سفر جاری وساری رہے گا ہمارا مشن انسانیت کی خدمت کرنا ہے جس کیلئے دن رات کوششیں جاری ہیں میں عوام کا دعوت دیتا ہوں کہ آئیں جماعت اسلامی جیسے مضبوط پلیٹ فارم کا حصہ بن کر انسانیت کی خدمت کریں۔

سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا

اجلاس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری و دیگر نے شرکت کی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کا اجلاس صدر میاں محمد معظم نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں چیئرمین شاہد یوسف وائس چیئرمین اعظم علی باجوہ چیئرمین سپریم کونسل شکیل احمد مغل نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب میو انفرمیشن سیکرٹری ولید اٹھوال ممبران سیٹھ وقاص علی عثمان مان محسن رشید شاہد محمود بٹ ناصر محمود اعوان لیگل ایڈوائزر مرزا عبدالباسط نے شرکت کی شرکاء نے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر پاک فوج اور عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش کیا صدر میاں محمد معظم نواز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم نے باہمی اتحاد اور بھائی چارے کی فضاء کو قائم رکھا آپریشن بنیان مرصوص کو صدیوں یاد رکھا جائے گا جب دشمن نے پاکستان میں جارحیت کی کوشش کی تو پوری قوم نے ××× بنیان مرصوص ××× کا عملی مظاہرہ پیش کیا آج پاکستان کا نام پوری دنیا میں گونج رہا ہے چیئرمین شاہد یوسف اور وائس چیئرمین اعظم باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالی نے پاکستان کو عظیم فتح سے نوازا ہے جس طرح پاکستانی عوام نے اس جنگ میں اپنا کردار ادا کیا دنیا صدیوں یاد رکھے گی پاکستان کا دفاع ناصرف مضبوط بلکہ ناقابل تسخیر ہے اللہ تعالی کی مدد سے پاکستان نے بھارت کو عبرتناک شکست دی ہے بھارت کسی بھول میں نہ رہے دوبارہ بھی ایسی کوئی حرکت کی گئی تو پہلے سے زیادہ سخت جواب دیا جائے گا پاکستان پر اللہ تعالی کا خاص فضل ہے یہ رہتی دنیا تک شاد وآباد رہے گا۔ تصویر ہمراہ ہے

ٹریفک پولیس کے ناکوں، ناجائز چلانوں، ناجائز جرمانوں اور ان کی بدتمیزی سے تنگ تاجران کا انوکھا احتجاج

شٹر ڈاؤن کر کے دکانوں کی چابیاں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس کے حوالے کر دیں۔ ٹریفک پولیس نے مدنی بازار میں 100 میٹر کے فاصلے پر 4 ناکے لگا رکھے تھے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ٹریفک پولیس کے ناکوں، ناجائز چلانوں، ناجائز جرمانوں اور ان کی بدتمیزی سے تنگ تاجران کا انوکھا احتجاج، شٹر ڈاؤن کر کے دکانوں کی چابیاں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس کے حوالے کر دیں۔ ٹریفک پولیس نے مدنی بازار میں 100 میٹر کے فاصلے پر 4 ناکے لگا رکھے تھے، پہلا ناکہ گرجا موڑ، 25 میٹر کے فاصلہ پر دوسرا ناکہ ٹریفک پولیس دفتر کے ساتھ، 50 میٹر کے فاصلے پر تیسرا ناکہ فوارہ چوک، 25 میٹر کے فاصلے پر چوتھا ناکہ فوارہ چوک کی دوسری طرف پھولوں والے کے سامنے۔ ان 4 ناکوں پر تمام آنے جانے والے شہریوں، دکانداروں کو روک کر جرمانے کئے جاتے جبکہ کئی دکانداروں کے دن میں دو دو بار بھی چالان ہوئے۔ ٹریفک پولیس کے ناکوں، ناجائز چالانوں اور ناجائز جرمانوں سے تنگ ہو کر گاہکوں نے مدنی بازار جو کہ موبائل مارکیٹ ہے کا رخ کرنا بند کر دیا۔ سائیڈوں میں دیگر دکانوں میں جانا شروع کر دیا۔ اور اس بازار میں گاہک نہ ہونے کے باعث دکاندار سارا دن فارغ بیٹھنا شروع ہو گئے۔ تاجروں نے متعدد بار ڈی ایس پی ٹریفک سے درخواست کی کہ ان کو ناکوں کو ختم کیا جائے اس سے ان کا روزگار متاثر ہو رہا ہے اور ادھر شہریوں نے آنا چھوڑ دیا ہے۔ مگر ٹریفک پولیس کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ جس پر تاجروں نے تنگ آ کر احتجاجاً شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کیا اور شٹر ڈاؤن کر کے دکانوں کی چابیاں ڈی ایس پی ٹریفک پولیس کے حوالے کر دیں۔ تاہم ڈی ایس پی نے تاجروں کے جائز مطالبات تسلیم کر لئے جس پر تاجروں کو چابیاں واپس کر دی گئیں اور شٹر ڈاؤن ہڑتال ختم کر دی۔

نادر ٹیکو انڈولورز کلب میاں چنوں کے کھلاڑیوں کی ڈویژنل چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی

مقامی عوام اور والدین اپنے بچوں کو کھیلوں کے میدان میں کامیاب دیکھنے کے لیے کتنے پُرعزم ہیں



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) نادر ٹیکو انڈولورز کلب میاں چنوں کے کھلاڑیوں کی ڈویژنل چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی۔ تفصیلات کے مطابق بورےوالا میں منعقدہ ڈویژنل ٹیکو اینڈ و چیمپئن شپ میں نادر ٹیکو انڈولورز کلب میاں چنوں کے بچوں اور بچیوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، کلب کی نمائندگی کرنے والی فاطمہ نعمان نے پومزے اور فائٹ دونوں کیٹیگریز میں حصہ لیا اور شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے دونوں مقابلوں میں سلور میڈل جیت کر میاں چنوں کا نام روشن کیا، اسی ٹیم کی دیگر نمایاں کھلاڑیوں میں دعا فاطمہ، آذان چوہدری، موید نعمان، حسنین رضا، وسیم اشرف، محمد بن فیصل، محمد تبریز اور محمد ابراہیم شامل تھے، جنہوں نے فائٹ کیٹیگری میں حصہ لیا، دعا فاطمہ نے فائٹ میں سلور میڈل جبکہ احسن شفقت نے براؤنز میڈل اپنے نام کیا، نادر ٹیکو انڈو ٹیم کی قیادت معروف کوچ محمد احسن اقبال نے کی، جنہوں نے کھلاڑیوں کی بھرپور رہنمائی اور تربیت کی، ایونٹ کے اختتام پر جب ٹیم میاں چنوں واپس پہنچی تو ان کا پھولوں سے پرتپاک استقبال کیا گیا، جو اس بات کا عکاس ہے کہ مقامی عوام اور والدین اپنے بچوں کو کھیلوں کے میدان میں کامیاب دیکھنے کے لیے کتنے پُرعزم ہیں، احسن اقبال کا کہنا تھا کہ یہ کامیابی نہ صرف میاں چنوں کے لئے باعث فخر ہے بلکہ یہ اس علاقے میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی تربیت کے لیے ایک روشن مثال بھی ہے۔

مختلف علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے سپیشل ٹاسک فورس کی ٹیمیں تشکیل دے دیں: مدثر علی شیخ

گزشتہ ماہ اپریل میں بجلی چوروں کے خلاف منظم طریقے سے کاروائیاں کی ہیں جس کے نتیجہ میں 90 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا ہے



جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ بجلی چوری قومی خزانہ کی چوری ہے سرکل بھر کے مختلف علاقوں میں بجلی چوری کی روک تھام کیلئے سپیشل ٹاسک فورس کی ٹیمیں تشکیل دے کر دوران چیکنگ بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران مرتکب افراد کے کنکشن منقطع کر کے بھاری جرمانے کے علاوہ انکے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مدثر علی شیخ نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کے احکامات کی روشنی میں فیسکو افسران کو بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کی ہدایات جاری کر رکھی ہیں جس پر فیسکو افسران نے عملدرآمد کرتے ہوئے گزشتہ ماہ اپریل میں بجلی چوروں کے خلاف منظم طریقے سے کاروائیاں کی ہیں جس کے نتیجہ میں 90 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا ہے بجلی چوروں کو 1 لاکھ 33 ہزار یونٹس چارج کر کے 50 لاکھ روپے کے قریب جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور ان کے خلاف مختلف تھانوں میں بجلی چوری کی دفعات کے تحت مقدمات بھی درج کروا دیے گئے ہیں

سمندری/پی ٹی آئی ضلعی صدر چوہدری عادل پرویز سلطان گجر سابق MPA کا حلقہ پی پی 105 کا دورہ

قائد عمران خان ہی اس ملک کو مسائل کے گرداب سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں، ٹکٹ ہولڈر PTI



سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری عادل رکن چاند وڑائچ کی جانب سے پی پارٹی کا اہتمام کیا گیا، بعد ازاں محلہ سنی سمندری میں سابق نائب ناظم چوہدری ندیم نمبردار کے چھوٹے بھائی چوہدری محمد نعیم عرف بھولہ نمبردار کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور چک نمبر 141 ک ب پہنچے جہاں چوہدری محمد سین، چوہدری ارشد حسین و ساتھیوں کی جانب سے ان کا والہانہ استقبال کیا گیا اور حلقہ سمیت دیگر سیاسی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، چوہدری عادل پرویز سلطان گجر چک نمبر 143 گ ب میں پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سید عاقب رضا نقوی کی رہائش گاہ پر پہنچے جہاں ان کے اعزاز میں پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر چوہدری امجد گجر، سینئر صحافی محمد اعظم رضا راول، سردار مبشر حیات گجر، سٹی صدر میاں مبشر علی، حاجی، سید ناظم حسین چوہدری، چوہدری عمار نسیمی، چوہدری دیگر موجود تھے۔ چوہدری عادل پرویز سلطان گجر کا کہنا تھا کہ قائد عمران خان ہی اس ملک کو مسائل کے گرداب سے نکالنے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں، ان شاء اللہ وہ دن دور نہیں جب عوام کا محبوب لیڈر جلد ان کے درمیان ہوگا۔ مزید کہا کہ حلقہ پی پی 105 کے عوام نے ہمیں جتنی عزت دی ہے ان شاء اللہ اس کا صلہ منتخب ہو کر ان کی خدمت کر کے اتاروں گا۔

دعوت ولیمہ میں اہم روحانی شخصیت سید محمد احمد شاہ بخاری کی شرکت تقریب بڑا سیاسی اجتماع بن گئی

سید سلمان اکبر گیلانی کے بڑے بھائی سید عثمان اکبر گیلانی رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے

عارفوالا (نامہ نگار) معروف سادات گھرانے کے چشم و چراغ، سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت سید محمد اکبر گیلانی صاحبزادے، سید سلمان اکبر گیلانی کے بڑے بھائی سید عثمان اکبر گیلانی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے دعوت ولیمہ میں اہم روحانی شخصیت سید محمد احمد شا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

جنگ نہیں مذاکرات

دہشت گردی کے سراسر جھوٹے الزام کے بہانے مودی حکومت نے پاکستان کو خوفناک جارحانہ فوجی کارروائی کا ہدف بنا کر بھاری نقصان پہنچانے کی جو سازش کی تھی، اللہ رب العالمین کی تائید و نصرت سے افواج پاکستان نے اس کا منہ توڑ جواب دے کر پوری دنیا میں بھارت کی رسوائی اور پاکستان کی سرخروئی کا سامان کر دیا۔ آپریشن بنیان مرصوص کی شکل میں عساکر پاکستان ہی نہیں بلکہ پوری پاکستانی قوم نے فی الواقع سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح متحد و یکجان ہو کر وسائل و اسباب کے اعتبار سے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کی طاقت کا بھرم کھول کر رکھ دیا۔ بھارتی حکومت اور ذرائع ابلاغ نے اپنی کامیابیوں کے بارے میں مسلسل جھوٹ بول کر دنیا کی نظروں میں خود کو جس طرح بے اعتبار کیا، جنگوں کی تاریخ میں اس کی کوئی دوسری مثال ڈھونڈنا مشکل ہے۔ عیار دشمن کے مقابلے میں فیصلہ کن فتح پر افواج پاکستان، حکومت اور عوام سب اس حقیقت کے معترف ہیں کہ یہ کامیابی اس رب کی عنایت ہے، پون صدی پہلے جس کے نام پر یہ ملک حاصل کیا گیا تھا۔ یہی احساس ہے جس کی بنا پر تمام اہل پاکستان اس کامیابی پر دل کی گہرائیوں سے اپنے رب کے شکر گزار ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان نے اسی جذبے کا اظہار کرتے ہوئے جمعہ کو یوم تشکر کے سلسلے میں خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو آج وہ مقام عطا کیا ہے کہ اب کوئی بڑی سے بڑی طاقت ہمارا راستہ نہیں روک سکتی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ''نو اور دس مئی کی درمیانی شب سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر نے بتایا کہ بھارت نے نور خان ایئربیس سمیت دیگر مقامات پر بیلسٹک میزائل سے حملہ کیا ہے' جنرل عاصم منیر نے مجھ سے کہا کہ اجازت دیں کہ دشمن کے منہ پر ہم ایسا تھپڑ رسید کریں گے کہ وہ عمر بھر یاد رکھے، اور پھر آپ نے دیکھا کہ کس طرح پٹھان کوٹ، ادھم پور اور دوسرے مقامات پر ہمارے شاہینوں اور الفتح میزائلوں نے اس طرح حملے کیے کہ دشمن کو سر چھپانے کی جگہ نہیں مل رہی تھی۔'' انہوں نے بتایا کہ ''جنرل عاصم منیر کا پھر مجھے فون آیا اور کہا کہ ہم نے دشمن کو بھرپور جواب دے دیا ہے اور اب ہم سے سیز فائر کرنے کی درخواست کی جا رہی ہے، میں نے کہا کہ اس سے بڑی عزت کی کیا بات ہو سکتی ہے کہ آپ نے دشمن کو سیز فائر پر مجبور کر دیا ہے، میں نے کہا کہ آپ سیز فائر کی پیشکش کو قبول کر لیں۔'' ہماری سیاسی اور عسکری قیادت کا یہ طرز عمل اس قرآنی تعلیم کے عین مطابق ہے کہ ''اگر دشمن صلح کی طرف مائل ہوں تو تم بھی اس کیلئے آمادہ ہو جاؤ اور خدائے سمیع و علیم پر بھروسہ کرو۔ اور اگر وہ دھوکے کی نیت رکھتے ہوں تو تمہارے لیے اللہ کافی ہے' جس نے اپنی مدد اور اہل ایمان کے ذریعے سے تمہاری تائید کی'' (الانفال: 62-61)۔ اسلام امن و سلامتی کا علم بردار ہے اور اس کی جنگ کا مقصد بھی امن دشمن قوتوں کو غیر موثر بنا کر امن کی راہ ہموار کرنا ہوتا ہے۔ حالیہ معرکے میں بھارت کی رسوا کن شکست کے باوجود اسی جذبے کا ثبوت دیتے ہوئے وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ''ہمیں پر امن ہمسائے کی طرح بیٹھ کر مذاکرات کرنا ہوں گے۔ اگر ہم مستقل امن چاہتے ہیں تو مسئلہ کشمیر حل کرنا ہوگا۔'' نریندر مودی اس تجویز کا مثبت جواب دے کر پورے خطے اور خود اپنے ملک کی تعمیر و ترقی کی رفتار کئی گنا تیز کر سکتے ہیں تاہم اپنی پاکستان دشمن حکمت عملی کی ذلت انگیز ناکامی پر وہ جس انتقامی نفسیات کا شکار نظر آتے ہیں، اس کے پیش نظر ان سے کسی معقول رویے کی توقع کم ہی کی جا سکتی ہے۔ اس صورت حال میں عالمی برادری اور خود بھارت کے سنجیدہ اہل دانش اور ہوشمند اپوزیشن رہنماؤں کو جنوبی ایشیا کی جوہری طاقتوں کے درمیان مزید جنگ کے خدشات کے سدباب اور نیک نیتی پر مبنی مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کی خاطر نتیجہ خیز طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

چینی مزید مہنگی!

ادارہ شماریات کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں چینی کی اوسط قیمت 3.38 روپے فی کلو مزید بڑھ کر 175.19 روپے تک جا پہنچی ہیاور یہ رجحان پی ٹی آئی حکومت کے زیر انتظام خیبر پختونخوا میں بڑی خاموشی کے ساتھ پندرہ بیس روز سے جاری ہے۔ جہاں چینی 185 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے جبکہ دوسرے صوبوں میں یہ اضافہ حالیہ ہفتے کے دوران دیکھا جا رہا ہے، جس کا فوری ادراک کرتے ہوئے ذمہ داران کو قانون کی گرفت میں لایا جانا ضروری ہے۔ واضح ہو کہ وفاقی نیملک بھر میں چینی کی ریٹیل قیمت 168 روپے فی کلو مقرر کر رکھی ہے، حالانکہ یہ بھی گزشتہ برس کے مقابلے میں 36 روپے فی کلو زیادہ ہے۔ چینی کی قیمتوں میں اضافے کا یہ عمل ستمبر اکتوبر میں شروع ہوا تھا اور حکومتی عمل دخل کے بغیر ملوں اور آڑھت کی سطح پر یک طرفہ طور پر فروری کے اختتام تک چینی کے نرخ 165 روپے فی کلو تک پہنچ چکے تھے، جس کا اثر رمضان المبارک میں بیکری کے سامان، مٹھائی اور مشروبات کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں مزید سامنے آیا، اس دوران خود چینی کی قیمتوں میں اوسطاً مزید 14 روپے فی کلو اضافہ ہوا۔ ذخیرہ اندوزی، اسمگلنگ اور مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے کا سلسلہ ملک میں گزشتہ تین چار دہائیوں سے چلا آ رہا ہے، اگر سخت ترین اور قرار واقعی سزاؤں پر مشتمل قوانین بنائے جاتے اور اسی قدر ان پر عمل درآمد یقینی بنانے کے اقدامات بروئے کار لائے جاتے تو آج یہ دن نہ دیکھنا پڑتا۔ ہول سیل گروسرز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ اگر صورتحال کو قابو نہ کیا تو وہ دن دور نہیں جب چینی 200 روپے فی کلو سے متجاوز ہو جائے گی۔ ضروری ہے کہ مشکوک شوگر ملوں اور ہول سیل ڈیلروں، خصوصاً ذخیرہ اندوزوں پر کڑی نظر رکھی جائے، کیونکہ ان حالات میں ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی بڑھنے کا اندیشہ لاحق رہتا ہے۔

بھارت باز نہیں آئے گا



جلتے ارمان
☆☆☆☆
عمر خان جوزوی
Jozvi03005237845@gmail.com

بھارت سے کسی خیر، بھلائی اور اچھائی کی کوئی توقع نہ پہلے تھی اور نہ اب ہے، مودی جیسے امن دانسانیت کے دشمنوں سے خیر کی توقع رکھنا بھی فضول ہے۔ جس ملک کی تاریخ ہی مکاری، چالاکی اور بدمعاشی سے بھری پڑی ہو ایسے ملک اور اس کے شر پسند وانتہاء پسند حکمرانوں سے اچھائی کی امید لگائے بیٹھنا ہمارے نزدیک اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنے کے مترادف ہے۔ قیام پاکستان سے لیکر اب تک وہ کونسا حربہ ہے جو اس پڑوسی ملک نے ہمارے خلاف استعمال نہیں کیا۔ بھارت اور بھارتی حکمرانوں کی رگ رگ میں پاکستان سے دشمنی اس طرح کوٹ کوٹ کر بھری ہے کہ یہ پاکستان کو کمزور اور ناکام بنانے کے لئے کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ بھارت ہمارے لئے پڑوسی نہیں بلکہ وہ خطرناک اور زہریلا قسم کا حرامی قسم کا سانپ ہے جو موقع پاتے ہی ہمیں ڈسنے سے دریغ نہیں کرتا۔ حالیہ جنگ بندی اور پاک بھارت تو ٹرمپ کو فوراً انسانیت یاد آ گئی۔ بھارت جب رات کی تاریکی میں پاکستان کی شہری آبادی پر حملہ کر کے معصوم اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا رہا تھا انسانیت کے یہ علمبردار اس وقت کہاں تھے۔؟ کیا امریکہ کو نہیں پتہ تھا کہ انڈیا پاکستان پر حملہ کر رہا ہے۔ ٹرمپ اور امریکہ کی گئی اسی طرح انڈیا کسی بھی وقت کوئی اور ڈرامہ رچا اور سازش تیار کر کے ہم پر حملہ آور ہو سکتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ بھارت کی وجہ سے ہم ہر وقت حالت جنگ میں ہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ جنگیں دنیا کے باقی ممالک میں بھی ہوتی ہیں لیکن ان جنگوں کا ایک طریقہ اور وقت ہوتا ہے پر انڈیا کے ہمارے ساتھ جنگ اور کشیدگی بڑھانے کا نہ کوئی طریقہ ہے اور نہ کوئی وقت۔ جب بھی مودی جیسے حکمرانوں کو کیڑا انگ کرنے لگتا ہے تو یہ رات کی تاریکی میں چوروں کی طرح وار کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بھارت کا بس اور وس نہیں چلتا ورنہ سچ تو یہ ہے کہ مودی جیسے لوگ ہمارا حال بھی فلسطین، عراق، شام اور لیبیا جیسا کرنا چاہتے ہیں۔ ان موذیوں کا بس چلے تو یہ ایک دن کے لئے بھی ہم اور ہمارے اس پیارے ملک کو اس مٹی پر برداشت نہ کریں۔ یہ تو اللہ کا خاص فضل و کرم ہے کہ اللہ نے ہمیں ان ظالموں کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے اور انہیں میدان جنگ میں ذلیل و رسوا کرنے کی توفیق و ہمت دی ہوئی ہے۔ جو لوگ رات کی تاریکی میں اگر انڈیا جیسا ہوتا تو کیا مودی اس طرح جنگ بندی کے لئے منتیں کرتا۔ بھارت کے خلاف پاک فوج کی شاندار فتح نے جہاں پوری قوم کو متحد، متفق اور ہم سب کے دلوں کو ٹھنڈا کر دیا ہے۔ وہیں یہ بات بھی سب پر عیاں کر دی ہے کہ دنیا میں باعزت طریقے سے جینے کے لئے جدید اور بے مثال دفاعی نظام نہ صرف ضروری بلکہ بہت ضروری ہے۔ بھارت کے خلاف اب نہ صرف ہمیں ہر وقت چوکس، خبردار اور بیدار رہنا ہوگا بلکہ ہمیں اپنے دفاع اور وطن کی حفاظت کے لئے ہر وہ قدم بھی اٹھانا ہوگا جو جدید دنیا کی ضرورت ہے۔ جنگ بندی یہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنے کے لئے نہیں بلکہ دشمن کے اس پیٹھ پیچھے وار کی تیاری کے لئے ہے جو وہ کسی بھی وقت کر سکتا ہے۔ اس لئے اب نہ صرف افواج پاکستان بلکہ پوری قوم کو جاگنا ہوگا تاکہ دشمن آئندہ بھی اسی طرح اپنے ناپاک عزائم میں ناکام و نامراد ہو۔

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے پیچھے اسرائیل



میاں محمد سلیم

مشرق وسطیٰ میں تباہی پھیلانے کے ساتھ اسرائیل پاکستان کے خلاف اپنے مذموم عزائم سامنے لے آیا ہے، پاکستان اسرائیل بھارت گٹھ جوڑ کو سمجھتا ہے اور اس سے موثر طریقے سے نپٹنا بھی جانتا ہے۔

مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے اور لاک ڈاؤن کے بعد بڑی تعداد میں اسرائیلی مقبوضہ کشمیر پہنچ گئے ہیں۔ علاقے میں دیکھا جا رہا ہے کہ اسرائیلی سیاحوں کی کثیر تعداد اب لیہہ کے سارے علاقہ میں سڑکوں سے لے کر ہوٹلوں تک اور ریستورانوں سے بودھ راہبوں کی خانقاہوں تک ہر جگہ موجود ہیں۔ لیہہ کے بازاروں اور عام مقامات پر جگہ جگہ لداخی اور عبری (اسرائیلی) زبانیں بولی اور سنی جا رہی ہیں۔ اکثر دکانوں کو بھی اسرائیلی سیاحوں اور گاہکوں کے مزاج کے مطابق ضروریات کے ساز و سامان سے آراستہ کیا گیا ہے۔

مودی حکومت منظم اور مربوط طریقے سے دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکتے ہوئے کشمیر کی ڈیموگرافی کی تبدیلی پر کمربستہ ہے۔ نیویارک میں کشمیری پنڈتوں اور بھارتی باشندوں کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے بھارتی قونصل جنرل نے اعتراف کیا کہ نریندر مودی انتظامیہ کشمیر میں ہندو آبادی کو نوآبادیاتی یقینی بنانے کے لیے اسرائیل کی طرز پر قائم کردہ قبضہ بستیوں کی تعمیر کرے گی۔ اگر اسرائیل فلسطینی علاقوں میں اپنے لوگوں کو آباد کر سکتا ہے تو ہم بھی اس کی پیروی کرتے ہوئے کشمیر میں ہندوؤں کو بسا سکتے ہیں۔ اس اعتراف سے حریت قیادت کے موقف کی تصدیق ہو گئی کہ بھارت مقبوضہ علاقے میں آبادی کا تناسب بگاڑنے اور کشمیریوں کو اپنے وطن میں بے گھر کرنے کے لیے اسرائیلی ہتھکنڈے آزما رہا ہے۔

بھارت کی جنتا پارٹی اور راشٹریا سوائم سیوک سنگھ کو اس بات کی اجازت نہیں ہونی چاہیے کہ وہ اسرائیل کی طرز پر مقبوضہ کشمیر میں نئی آبادیاں تعمیر کر کے مقبوضہ علاقے میں اپنا غیر قانونی قبضہ مستحکم کرے اور کشمیریوں کو ان کی اپنی زمین اور گھروں سے محروم کریں۔ کشمیر ایک بین الاقوامی تنازعہ ہے اور کشمیریوں کو مکمل تباہی و بربادی سے بچانے کے لئے ایک بین الاقوامی اتحاد بنایا جائے۔

بھارت نے امریکی و اسرائیلی شہ پر پاکستان پر حملہ کیا۔ بھارت نے 29 اسرائیلی ڈرون پاکستان پر وار کئے جو تقریباً سب کے سب تباہ کر دیئے گئے۔ اس کے علاوہ بھارتی فضائیہ کی جو درگت بنی خاص طور پر رافیل طیاروں کی تباہی، وہ بھارت کے لئے بہت بڑا سبق ہے۔ اسی وجہ سے اندرون و بیرون ملک مودی پر بہت زیادہ دباؤ ہے۔ اسی دباؤ کے پیش نظر مودی نے 24 مئی کو دوبارہ پاکستان پر حملے کا اعلان کیا ہے۔ اس بار بھی اسرائیل اس کے ساتھ کھڑا ہے۔ اطلاع کے مطابق 18 اسرائیلی سی ون تھری طیارے بہت سا ساز و سامان لے کر بھارت پہنچ چکے ہیں۔

بھارت اور اسرائیل کا اتحاد تاریخ کا حصہ ہے، مودی سرکار نے اسرائیلی نمائندہ بن کر پاکستان پر حملہ کیا مگر ہم نے بھرپور جواب دے کر غزہ کا بدلہ لے لیا۔ اسرائیل پہلے دن سے پاکستان کا دشمن ہے۔ پاکستان کو مستقبل میں بھی بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ سے محتاط رہنا چاہیے، مسلم حکمران ہمت کریں تو اسرائیل کی قوت کو ختم کر سکتے ہیں۔ مودی نے طاقت کے بل بوتے پر تنازعات حل کرنے کی کوشش کی، اب تو بے چارے سے اسمبلی میں نہیں بیٹھا جا رہا، اب مودی کو اسکی اپنی پارلیمنٹ لعن طعن کر رہی ہے۔

اسرائیل جبر کی بنیاد پر وجود میں آیا۔ اُمت مسلمہ اور اہل پاکستان اہل غزہ کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، پاکستان بھارت کے غرور کو خاک میں ملا سکتا ہے۔ پہلگام واقعے کا الزام پاکستان پر لگایا۔ اقوام متحدہ کی قرار دادیں واضح ہیں، کوئی معاہدہ یکطرفہ طور پر ختم نہیں ہو سکتا۔ اب بھارت کے دریاؤں پر بات ہوگی کہ یہ تمہارے یا ہمارے؟ مودی پر بھارتی پارلیمنٹ بھی تنقید کے تیر برسا رہی ہے۔

بھارتی میڈیا اور چیئرلیڈرز



خضر حیات
M.khizarhayat83@gmail.com

بھارتی میڈیا نے جھوٹا پروپیگنڈا پھیلایا، بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت نے حملوں میں پاکستانی ایٹمی تنصیبات کو نشانہ بنایا، 2 پاکستانی لڑاکا طیارے مار گرائے اور کراچی کی بندرگاہ کے ایک حصے کو دھماکے سے اڑا دیا۔ بھارتی خبر رساں اداروں نے تو پاکستانی جوہری تنصیبات سے تابکاری کے اخراج کی خبر نشر کر دی، اس کے علاوہ بھارتی میڈیا نے بغیر ثبوتوں کے حملے کی جگہ کی نشاندہی کے لیے تفصیلی نقشے بھی دکھائے۔ بھارتی میڈیا کی معلومات کا کوئی بھی حصہ درست نہیں تھا، بھارتی میڈیا پاکستان کے خلاف گمراہ کن ویڈیو فیچ اور مصنوعی ذہانت سے ہیرا پھیری کر کے جھوٹ پھیلاتا رہا۔ پاک بھارت کشیدگی کے دوران بھارتی جھوٹی رپورٹس سے ذمہ دارانہ صحافت کے بارے میں تشویش پیدا ہوگئی۔ ممتاز بھارتی میڈیا چینلز نے دعویٰ کیا کہ بھارت نے پاکستان پر تباہ کن حملے کیے، بھارتی نیوی نے کراچی پر حملہ کیا اور اسلام آباد کو قبضہ میں لیا گیا جیسی سرخیاں چلائی گئیں جو بعد میں بالکل جھوٹی ثابت ہوئیں، ایک سے زائد چینلوں نے یہ خبر بار بار چلائی کہ بھارت کے بحری بیڑے ''وکرانت آئی این ایس'' نے لاہور کی بندرگاہ پر قبضہ کر لیا ہے۔ ویسے تو 8 مئی کی رات بھارتی چینلوں کی تمام ٹرامیشن ہی معطکہ خیز تھی مگر لاہور میں بندرگاہ کی موجودگی کا دعویٰ سن کر سب چونک گئے کہ لاہور میں بندرگاہ کہاں سے آ گئی اور لاہور کے شہری بھی شکوہ کرتے نظر آئے کہ ہم سے بندرگاہ کیوں چھپا رکھی تھی۔ بھارت کے کئی بڑے میڈیا اداروں نے دہشت گرد کارروائیوں کے بارے میں بھی پر جوش کہانیاں نشر کیں، تحقیقات اور حقائق کی جانچ پرتال سے معلوم ہوا ہے کہ ان میں سے بہت سی رپورٹس جعلی یا بہت حد تک گمراہ کن تھیں اور اکثر پرانے اور دیگر تنازعات جیسے غزہ کی جنگ کی تصاویر نشر کی گئیں۔ سب سے زیادہ تشویشناک پہلو یہ تھا کہ ان غلط معلومات کا اثر معصوم شہریوں پر پڑا اور غیر ضروری دشمنی کو بڑھاوا دیا گیا، بھارتی میڈیا نے ذمہ دار صحافت پامال کر دی۔ سینئر فائر کے بعد بھارتی میڈیا کی انڈیا سمیت دنیا بھر میں کریڈیبلیٹی صفر ہوگئی، پاک بھارت جنگ کے دوران جعلی خبروں کو حکومتی سرپرستی بھی حاصل رہی، بھارتی نیوز چینلز نے ریٹنگ کی دوڑ میں صحافتی اصولوں کو پس پشت ڈال دیا اور امن کے بجائے جنگ کو فروغ دینے کی کوشش کی اس کے برعکس پاکستانی میڈیا نے ذمہ دارانہ صحافت کا کردار ادا کیا اور ہر لمحے مودی سرکار کے اسرائیلی نمائندہ بن کر پاکستان پر حملہ کیا مگر ہم نے بھرپور جواب دے کر غزہ کا بدلہ لے لیا۔ اسرائیل پہلے دن سے پاکستان کا دشمن ہے۔ پاکستان کو مستقبل میں بھی بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ سے محتاط رہنا چاہیے، مسلم حکمران ہمت کریں تو اسرائیل کی قوت کو ختم کر سکتے ہیں۔ مودی نے طاقت کے بل بوتے پر تنازعات حل کرنے کی کوشش کی، اب تو بے چارے سے اسمبلی میں نہیں بیٹھا جا رہا، اب مودی کو اسکی اپنی پارلیمنٹ لعن طعن کر رہی ہے۔

''بیس برس''



پس منظر
آمنہ امین، ڈھولن
aminaameen005@gmail.com

لاکھ شکست کھائی مگر کبھی آبدیدہ نہیں ہوئی
میں بیس برس کی ہو کے بھی کبھی بیس کی نہیں ہوئی

میں آج اپنی خوبیوں کا تذکرہ کروں گی اور نہ ہی اپنی خامیوں کا۔ کیونکہ خوبیاں اور خامیاں نکالنے کے لیے لوگ ہے نا۔ میں آج بس وہ لکھوں گی جو میں نے پایا، میں آج ان کا تذکرہ کروں گی۔ جو بیتے برسوں میں میرے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ آج میری زندگی کے بیس برس مکمل ہو چکے ہیں۔ میں آج بھی وہی آمنہ ہوں جو انیس بیس برس پہلے تھی۔ میری انا، میرا معیار، میری محبت، میرا جذبہ، میرا جنون اور میرے اصول وضوابط آج بھی وہی ہیں جو پہلے تھے۔ بیتے بیس برسوں میں میرے اندر کچھ بھی نہیں بدلا، اگر کچھ بدلا ہے تو وہ یہ ہے کہ میری محبت کی عمر کٹتی جا رہی ہے۔ میں نے ابھی تک جو بھی دل سے چاہا وہ پالیا اور جسے دل سے چاہا ہی نہیں اسے نہ پانے کا بھی شکوہ ہی نہیں کیا۔ میں نے ابھی تک کی عمر میں لوگوں سے اتنے ہی تعلق کو فروغ دیا کہ اگر کبھی مجھے دھوکہ بھی ملا تو مجھ میں سہہ لینے کا حوصلہ باقی ہونا چاہئے۔ میں نے کبھی کسی کو تعلق میں طول نہیں دی، میرے دوسروں کے ساتھ اک حد تک تعلق ہیں اس حد تک کہ اگر کبھی کوئی آپ کو چھوڑ بھی دے تو فرق نہیں پڑنا چاہیے۔ میری زندگی کا اصول یہی ہے کہ جو پسند ہے اسے حاصل کر لیا جائے اور جو حاصل ہے اس پسند کر لیا جائے۔

میرے پاس میرے سارے رشتے آج بھی موجود ہیں جو بیس برس پہلے بھی موجود تھے۔ اور میں ان رشتوں میں سے کسی ایک کو بھی نہیں کھونا چاہتی۔ مجھے میرے سارے رشتے حد سے بھی زیادہ عزیز ہیں اور ہمیشہ یہ مجھے عزیز سے عزیز تر رہیں گے۔ کوئی بھی دوسرا تعلق میرے ان رشتوں سے سبقت نہیں لے سکتا۔ والدین تو ہمیشہ سے ہی محبت میں صف اول پر رہے ہیں۔ کس کی زندگی میں ان کے والدین رہے ہوں یا نہ میری زندگی میں تو میرے والدین محبت میں صف اول پر تھے، ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ میری سانسیں جس خاص رشتے اور محبت سے جڑی ہیں وہ صرف میرے والد کا رشتہ ہے۔ میرے والد مجھے میری ماں سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ وہ شخص ہی ایسا ہے جس کے جوتوں سے بھی مجھے الفت ہے۔ گھر میں پڑے ان کے جوتوں کو دیکھ کر میرا چہرہ مسکان سے بھر جاتا ہے۔ میرے والد دو روز کر بھی ان بیتے بیس برسوں میں ہر پل میرے ساتھ رہے ہیں۔ یہ وہ شخص ہے جس نے اپنا مجھے کامیاب بنانے کیلئے اپنا سب کچھ مجھ پہ قربان کر دیا۔ میرے والد نے میرے ہاتھ میں قلم تھمایا اور کہا لکھوں جتنا لکھ سکتی ہو، بنا؛ اپنی پہچان اس قلم کے ذریعے جتنی تم بنا سکتی ہو۔

میرے سخن کی داد بھی اس کو ہی دیجیے
وہ جس کی آرزو مجھے ادیب و شاعر بنا گئی

بس اک یہی رشتہ ہے جسے میں کبھی کھونا نہیں چاہتی۔ ہماری زندگیوں کو خوبصورت بنانے میں ازل سے ہی ہمارے والدین کا ہاتھ رہا ہے اور یہ ہاتھ ہر کسی کی زندگی میں ازل سے ابد تک رہنے چاہئیں۔

میرے والدین نے مجھے ان بیس برسوں میں کبھی کسی رشتے کی کمی محسوس نہیں ہونے دی۔ اور شاید اسی وجہ سے ہی آج تک میری آنکھ کبھی نم نہیں ہوئی۔ انہوں نے مجھے اتنی محبت تو ضرور دی ہیکہ مجھے کسی اور کی محبت کی چاہت ہی نہیں۔ میرے والد کی جانب سے مجھے غصہ سونپا گیا ہے اور مجھ میں اس حد تک غصہ ہے کہ میں غصے میں ہر تعلق بھول جاتی ہوں، ہر حد پار کر جاتی ہوں، اور مجھے یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ سامنے کھڑا شخص میرے لیے معتبر بھی ہے۔ مجھے کبھی اس بات پر افسوس نہیں ہوا کہ مجھ میں غصہ زیادہ ہے میں غصے میں ہر رشتے کا لحاظ و مروت بھول جاتی ہوں۔ اپنے والد سے عقیدت ہونے کی وجہ سے مجھے ان کے غصے سے بھی عقیدت ہے اور اسی لیے میں نے کبھی بھی نہیں چاہا کہ یہ غصہ مجھ میں باقی نہ رہے۔ بیس برس کی عمر میں بھی شاید میں بیس کی نہیں ہوں، میں اپنی عمر کے لحاظ سے تھوڑا آگے نکل چکی ہوں۔ ایسا بالکل بھی نہیں ہے کہ میں نے ان بیتے بیس برسوں میں کچھ کھویا نہیں، میں نے بہت کچھ کھویا بھی ہے۔ لیکن کھوئے ہوؤں کا تذکرہ کرنا اب میرے لیے معنی نہیں رکھتا۔ جو کھو جائے اس کے نقش بھی مٹا دینے چاہئیے، جو کھو گیا اس کی اہمیت ہی کیا۔ کوئی مجھے چھوڑے یا کسی کو میں چھوڑوں، مجھ میں برداشت کرنے کا ظرف باقی ہے۔ میں نے اب تک کبھی کسی کو دل کے قریب نہیں رکھا کیونکہ جو دل کے قریب ہو جائیں وہ پھر جان سے عزیز ہو جاتے ہیں اور جو جان سے عزیز ہوں ان کا چھوڑنا ہم سہہ نہیں پاتے۔

مختصر آیہ کہ میرے لیے میری زندگی کے یہ بیس برس اس لیے اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ ان برسوں میں میرے



نیلم منیر نے بے جے پی کا مکروہ چہرہ بے نقاب کر دیا

بی جے پی اپنے ہندوتوا نظریے کے سبب بھارت کو تباہ کر رہی ہے، اداکارہ



کراچی (این این آئی) پاکستان فلم ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر محمد خالد رحمانی نے کہا ہے کہ صوبے میں سنیما کے فروغ کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ خالد رحمانی نے کہا ہے کہ صوبے میں سنیما کے پیکیج ٹیکٹ ختم کرنے کا اعلان خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں سنیما کے پیکیج ٹیکٹ موجود ہے اور اس ٹیکٹ کو ختم کرنے کے لئے سندھ سنیما ایسوسی ایشن کو کوشش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سنیما ایسوسی ایشن کو ہم ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔

صوبے میں سنیما کے فروغ کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ خالد رحمانی

کراچی (این این آئی) پاکستان فلم ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر محمد خالد رحمانی نے کہا ہے کہ صوبے میں سنیما کے فروغ کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔ خالد رحمانی نے کہا ہے کہ صوبے میں سنیما کے پیکیج ٹیکٹ ختم کرنے کا اعلان خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں سنیما کے پیکیج ٹیکٹ موجود ہے اور اس ٹیکٹ کو ختم کرنے کے لئے سندھ سنیما ایسوسی ایشن کو کوشش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سنیما ایسوسی ایشن کو ہم ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔

فضا علی کو شوبز میں بولڈ لباس پہننے پر کڑی تنقید کا سامنا

سیاہ اور نیلے رنگ کا شیفون کا لباس پہنا، جس میں ان کے بازو اور پیٹ نمایاں ہو رہے تھے



لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز کی اداکارہ و میزبان فضا کو ان کے بولڈ لباس پہننے پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ فضا علی حال ہی میں اپنے لائیو مارننگ شو میں پہنے گئے بولڈ لباس کی وجہ سے سوشل میڈیا پر تنقید کی زد میں آ گئی ہیں۔ فضا نے اس شو میں سیاہ اور نیلے رنگ کا شیفون کا لباس پہنا، جس میں ان کے بازو اور پیٹ نمایاں ہو رہے تھے۔ یہ شو براہ راست کے حوالے سے تھا، جس کی ویڈیو اور تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر فضا کے لباس پر صارفین کی جانب سے شدید ردعمل دیکھنے میں آیا۔ ایک صارف نے تبصرہ کیا، یہ بہت سستا لباس ہے، جبکہ ایک اور نے لکھا، ہم ڈانس ایک بہتر لباس میں بھی کر سکتے ہیں۔

شیما کرمانی کی ڈراموں میں بڑھتے غیر اخلاقی مواد پر کڑی تنقید

کراچی (آئی این پی) معروف تھیٹر اسکرین اور ٹیلی وژن اداکارہ شیما کرمانی نے پاکستانی ڈراموں میں بڑھتے ہوئے غیر اخلاقی مواد پر کڑی تنقید کی ہے۔ ایک حالیہ پروگرام کے دوران شیما کرمانی نے کہا کہ آج کے مرد پہلے کے مقابلے میں زیادہ خراب ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلے جس ان کے سامنے جانے سے بھی لوگ ڈرتے تھے، اب وہی ان کے سامنے بیٹھ کر ذومعنی اور فحش باتیں کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے بچوں کو ایسے ماحول میں پالا ہے جہاں ہمارے والد کے سامنے ہم کبھی اونچی آواز میں بات نہیں کر سکتے تھے، لیکن آج کے مرد بے شرم ہو چکے ہیں۔ شیما کرمانی نے ڈراموں میں دکھائی جانے والی طلاق کو بھی غیر حقیقی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک عورت کو طلاق دلوانا اتنا آسان نہیں جتنا ڈراموں میں دکھایا جاتا ہے۔ ان کے مطابق ایک عورت کو طلاق دلوانے کے لیے اس کے شوہر کو کئی بار تھپڑ مارنا پڑتا ہے، تب جا کر وہ عورت طلاق لیتی ہے۔ شیما کرمانی نے کہا کہ ہر لڑکا اور لڑکی میں غیر شادی شدہ تعلقات دیکھنے کا رجحان بڑھ چکا ہے، جبکہ نکاح کو مشکل بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دین میں ایسا نہیں ہوتا۔ ہر دوسری شادی ایسی ہوتی ہے جو ٹوٹ جاتی ہے۔ شیما کرمانی نے زور دیا کہ میڈیا کو معاشرے پر مثبت اثرات مرتب کرنے چاہئیں۔

انسان کی کامیابی کی پہلی سیڑھی اس کے خواب ہیں، یمنیٰ زیدی

اسلام آباد (ایوانِ ہنر) اداکارہ یمنیٰ زیدی نے کہا کہ کسی بھی انسان کی کامیابی کی پہلی سیڑھی اس کے خواب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کبھی بھی خواب دیکھنا بند نہ کریں کیونکہ کامیاب انسان کے لیے خواب اس کی کامیابی کی پہلی سیڑھی کا کام دیتے ہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ جن لوگوں میں ایک سیکھنے کی جستجو ہوتی ہے، وہ کبھی ناکام نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر انسان کو اپنے خوابوں کو سچا کرنے کا جنون ہونا چاہیے۔



ہم ہیروز کے لیے ترس گئے ہیں، ترین حسین

کراچی (این این آئی) اداکارہ ترین حسین نے پاک فضائیہ کے ایئر وائس مارشل (ر) نجیب احمد کی شہادت پر کہا ہے کہ ہم ہیروز کے لیے ترس گئے ہیں، ہمیں ایسے لوگ چاہئیں جو خود قربانیاں کریں، فیصلے لیں اور معاملات کو سلجھائیں۔ ایک اعزیزہ کے دوران انہوں نے ایئر وائس مارشل (ر) نجیب احمد کی غیر معمولی شہرت، عوامی رسوخ اور ان کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ترین حسین نے کہا کہ وہ صرف پُرعشق یاد ہی نہیں ہیں، ان کی بہادری اور قربانی کی میں دل سے قدر کرتی ہوں سلام ہے۔



بشریٰ انصاری کی 69ویں سالگرہ کی ویڈیو وائرل

کراچی (آئی این پی) کہنہ کار اداکارہ بشریٰ انصاری کی جانب سے اپنی 69ویں سالگرہ پر بنائی گئی ویڈیو وائرل ہوگئی، جس میں وہ پہلی بار کھل کر اپنی عمر سے متعلق بات کرتی دکھائی دیں۔ بشریٰ انصاری نے انسٹاگرام پر مختصر مگر شیئر کرتے ہوئے بھی اپنی 69 ویں سالگرہ کا بتایا تھا، ان کی سالگرہ پر شوبز شخصیات سمیت مداحوں اور عام سوشل میڈیا صارفین نے بھی انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کی صحت مند اور طویل عمر کی دعائیں کیں۔ اداکارہ نے اپنی سالگرہ کے حوالے سے یوٹیوب پر ولاگ بھی شیئر کیا



جنت مرزا نے بریک اپ کے بعد آگے بڑھنے کا سادہ فارمولا شیئر کر دیا



کراچی (این این آئی) پاکستان کی مشہور ڈیجیٹل میڈیا شخصیت، ماڈل اور اداکارہ جنت مرزا نے بریک اپ کے بعد زندگی کی الجھنوں کو پیچھے چھوڑنے کا ایک آسان طریقہ اپنے مداحوں کے ساتھ شیئر کیا۔ انسٹاگرام پر اپنی ایک حالیہ ویڈیو کے ذریعے جنت مرزا نے فرمایا کہ ہر تعلق ہمیں محبت کا سبق دیتا ہے، زندگی کے ایک اہم سبق کا اعادہ کیا۔ انہوں نے بریک اپ اور اسکے بعد ہونے والی پریشانیوں کا سامنا کرنے والوں کو حوصلہ افزا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر زندگی میں بھی کوئی شخص آپ کو دھوکہ دے یا آپ کے ساتھ برا سلوک کرے، تو سب سے پہلے آپ کو اسے دل سے معاف کرنا ہوگا۔ جنت مرزا کا ماننا ہے کہ جب تک آپ کسی کو معاف نہیں کرتے تو ذہنی سکون اور ترقی کی طرف قدم بڑھانا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس موقع پر جنت مرزا نے حضرت علی کے ایک مشہور قول کا آزمائے ہوئے شخص کو دوبارہ آزمانا بیوقوفی ہے حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایسے لوگوں کو دوبارہ زندگی میں آنے کا موقع نہیں دینا چاہیے جو ہمیں ایک بار دھوکہ دے چکے ہوں۔

خیر مکی کھلاڑیوں کا واپس آنا تعریف کے قابل ہے، پی ایس ایل میں بریک آؤٹ ہوتا ہے، راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پناہوں کا چناسب نے اچھا کیا





راولپنڈی (این این آئی) پی ایس ایل 10 میں پشاور زلمی کی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ میں زیادہ تر اپنی غلطیوں سے ہی آؤٹ ہوتا ہوں، کراچی کنگز کے خلاف 23 رنز سے فتح کمانے کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے پشاور زلمی کے بابر اعظم کا کہنا تھا کہ میں کافی عرصے سے اچھی پرفارمنس کا انتظار کر رہا تھا، آج اچھا کھیلا، ٹیم کی جیت سے خوش ہوں، ہم نے اچھا کرکٹ کھیلا، ہمیں اس طرح کی کرکٹ کھیلنی ہے، ہم نے اچھا بیٹنگ کی

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

معاشی پالیسیوں کی وجہ سے اگلے سال زبردست گروتھ متوقع ہے :صدر ریحان سیم بھراڑہ

سٹیٹ بینک نے ایس ایم ای سیکٹر کیلئے خصوصی سکیم متعارف کرائی ہے جس کے تحت سستے قرض دیئے جارہے ہیں



فیصل آباد (افشاں بتول) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان نسیم بھراڑہ نے کہا ہے کہ معاشی پالیسیوں کی وجہ سے اگلے سال زبردست گروتھ متوقع ہے جس کی فنانسنگ کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے سٹیٹ بینک کو اپنی ترجیحی سکیموں کے بارے میں متعلقہ سٹیک ہولڈرز کو فوری آگاہی دینا ہوگی۔ وہ آج سٹیٹ بینک فیصل آباد کے چیف منیجر وقاص کاشف باجوہ سے گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک نے ایس ایم ای سیکٹر کیلئے خصوصی سکیم متعارف کرائی ہے جس کے تحت سستے قرض دیئے جا رہے ہیں مگر اس کے تحت پرانی مشینری کی درآمد کی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ای سیکٹر کیلئے ڈالر مہنگا ہونے کی وجہ سے ایئر جیٹ اور ویونگ کی جدید مشینری کی خریداری ممکن نہیں۔ حالانکہ ترقی یافتہ ممالک میں چند سال استعمال ہونے والی مشینری پاکستان میں کئی سالوں تک کام دے سکتی ہے اور اس کے ذریعے کوالٹی میں بہتری کے علاوہ پیداوار میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے چیف منیجر سے کہا کہ موجودہ سکیموں کے بارے میں آگاہی مہم شروع کی جائے اور اس سلسلہ میں چیمبر میں بھی سیشن منعقد کئے جائیں۔ انہوں نے ایس ایم ای سیکٹر کی حد کو بڑھانے اور خواتین انٹرپرینوئرز کیلئے پچاس لاکھ روپے تک کے رعایتی قرضوں کو ایک کروڑ تک بڑھانے کا بھی مطالبہ کیا۔ چیف منیجر وقاص کاشف باجوہ نے کہا کہ سٹیٹ بینک مختلف مراعاتی سکیموں کے بارے میں باقاعدگی سے سیمینار منعقد کر رہا ہے مگر وہ مؤثر ثابت نہیں ہوئے اور خاص طور پر متعلقہ سٹیک ہولڈرز اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک چیمبر کے پلیٹ فارم سے آگاہی پروگرام شروع کرے گا جبکہ ایس ایم ای سیکٹر اور خواتین انٹرپرینوئرز بارے چیمبر کی تجاویز ہائی حکام تک پہنچائی جائیں گی۔ آخر میں صدر ریحان نسیم بھراڑہ نے چیمبر کی گولڈن جوبلی کے سلسلہ میں خصوصی گفٹ چیف منیجر سٹیٹ بینک کو پیش کیا جبکہ انہیں اس حوالے سے خصوصی پن بھی لگائی گئی۔ اس موقع پر سٹیٹ بینک کی ڈپٹی چیف منیجر قیصر قیصر قیصر مس نگہا اور ایگزیکٹو ممبر ان محمد علی اور وحید خالق رامے بھی موجود تھے۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد (GCUF) کے چنیوٹ کیمپس کی افتتاحی تقریب

افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات احسن اقبال تھے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد (GCUF) کے چنیوٹ کیمپس کی افتتاحی تقریب۔ چنیوٹ کو پاکستان کا تعلیمی آکسفورڈ بنانے کی جانب ایک اور قدم جی سی یو ایف چنیوٹ کیمپس کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی واصلاحات احسن اقبال تھے تقریب میں وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ، چیئرمین ہائیر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر مختار احمد، وائس چانسلر GCUF ڈاکٹر رؤف اعظم، ایم پی اے مولانا الیاس چنیوٹی، ایم پی اے تیمور امجد لالی، شیخ برادری کے سرکردہ افراد، اساتذہ، طلبہ وطالبات، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ چنیوٹ کیمپس صرف ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ علاقے کے سماجی و معاشی ترقی کا آغاز ہے۔ اُن کے مطابق یہ منصوبہ وژن 2025 کا حصہ ہے، جس کا مقصد ملک کے ہر ضلع میں اعلیٰ تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک تعلیم کو صنعت سے نہیں جوڑا جائے گا، ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ اُن کا کہنا تھا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستانی برآمدات کو 32 ارب ڈالر سے بڑھا کر 100 ارب ڈالر تک لے جایا جائے تاکہ ملک خود انحصاری کی راہ پر گامزن ہو۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے اس موقع پر کہا کہ GCUF چنیوٹ کیمپس اُن کا دیرینہ خواب تھا جو آج حقیقت کا روپ دھار چکا ہے۔ اُن کے مطابق 200 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا یہ کیمپس چنیوٹ کے نوجوانوں کے لیے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور سابق ایم پی اے رانا لیاقت علی کی ڈی جی ایف آئی اے سے ملاقات

پسرور (عاطف علوی سے) مسلم لیگ ن کے سین ؒ رہنما اور سابق ممبر صوبا ؒ ی اسمبلی رانا لیاقت علی نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل، جناب راجہ رفعت مختار سے ایک اہم ملاقات کی۔ اس ملاقات میں ایف آ ؒ ی اے کی کارکردگی، انتظامی صورتحال، تارکین وطن کے مسا ؒ ل اور ضلع سیالکوٹ کے عوام کے مسا ؒ ل کے حوالے سے گفتگو ہو ؒ ی۔ ڈی جی ایف آئی اے راجہ رفعت مختار نے گفتگو کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان کا ادارہ مکمل طور پر میرٹ اور قانون کی بالادستی پر یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے کو ایک شفاف، باوقار اور بدعنوانی سے پاک ادارہ بنانے کے لیے ایسے عناصر کا قلع قمع ضروری ہے جو ادارے کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ محکمانہ نظم وضبط اور احتساب کے ذریعے ہر شہری کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ رانا لیاقت علی نے ڈی جی ایف آئی اے کے خیالات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملک کو درخشاں مستقبل کی جانب گامزن کرنے کے لیے ایسے دیانت دار، فرض شناس اور مخلص افسران نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ وہ نہ صرف خود بدعنوانی سے پاک ہوتے ہیں۔ بلکہ اپنے زیرِ نگرانی عملے کو بھی ایمانداری کے ساتھ کام کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔ ان کا کردار نہ صرف ادارے بلکہ پوری قوم کے لیے باعثِ افتخار ہے۔



مشیر وزیر اعلیٰ برائے ستھرا پنجاب پروگرام عاصم محمود کا ضلع اوکاڑا کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر مشیر وزیر اعلیٰ برائے ستھرا پنجاب پروگرام عاصم محمود کا ضلع اوکاڑا کا دورہ۔ انہوں نے ضلع کی تینوں تحصیلوں میں ستھرا پنجاب مہم کے تحت صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا اور تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رکھنے کے احکامات جاری کیے، انہوں نے صفائی انتظامات بارے عوام الناس سے فیڈ بیک بھی لیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر ریونالہ خورد ناظم علی خان سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے، مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب آصف محمود نے ضلع بھر کے متعدد مقامات پر ستھرا پنجاب مہم کے تحت صفائی ستھرائی اور کوڑے کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے سلسلہ میں کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا اور اس سلسلہ میں حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق صفائی ستھرائی کے لیے اقدامات بارے لوگوں سے تاثرات دریافت کیے، اس موقع پر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب برائے ستھرا پنجاب پروگرام عاصم محمود نے کہا کہ صاف ستھرا ماحول اور تعفن سے پاک آب وہوا عوام کا بنیادی حق ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے صفائی ستھرائی انتظامات کے ساتھ ساتھ سخت مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری ہے، تجاوزات ماریکیوں، گلیوں، بازاروں سمیت پبلک پوائنٹس کی خوبصورتی کو بری طرح متاثر کرتی ہیں اور عوام کے لیے دشواری کا باعث بھی ہے اس لیے ضلع بھر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے ایتی انکروچمنٹ آپریشن مسلسل سے جاری رکھا جائے، انہوں نے عوام الناس سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ صفائی ستھرائی کو اپنائیں اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کریں، اس کے علاوہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے عملہ صفائی سے بھرپور تعاون کریں۔

تیز رفتار مسافر ڈمپر سے ٹکرانے کے بعد کھائی میں جا گری بس میں سوار دو مسافر موقع پر جاں بحق

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم۔کی تحصیل پنڈ دادنخان لنڈ روڈ تیز رفتار مسافر ڈمپر سے ٹکرانے کے بعد کھائی میں جا گری۔ بس میں سوار دو مسافر موقع پر جاں بحق۔ 20 سے زائد زخمی۔ واقع کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن شروع کر دیا تفصیلات کے مطابق مسافر بس چوہر اباد سے براستہ پنڈ دادنخان سیالکوٹ جا رہی تھی۔ تیز رفتار مسافر بس بے قابو ہو کر ڈمپر کے ساتھ ٹکرانے کے بعد سڑک سے نیچے گہرے گڑھوں میں جا گری ہے جس کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت دو افراد جان کی بازی ہار گئے۔



چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ کی ممانی اور چوہدری مدثر باجوہ کی والدہ انتقال کر گئیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاکستان مسلم لیگ ن کے ضلعی رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ کی ممانی اور چوہدری مدثر باجوہ کی والدہ انتقال کر گئیں جنہیں گزشتہ روز ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ان کی وفات پر وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین قومی پارلیمانی سیکرٹری وایم این اے رانا احمد عتیق انور چیئرمین قائمہ کمیٹی آبپاشی وایم پی اے چوہدری محمد حسان ریاض صدر سٹی پریس کلب نارنگ میاں محمد معظم نواز مسلم لیگی رہنما اعظم علی باجوہ سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے گہرے غم اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کی بخشش و مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

تھانہ کسوکی کے علاقہ مانگٹ اونچا میں مزدور پر بااثر افراد کا تشدد، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر ڈی پی او حافظ آباد کا نوٹس ملزمان گرفتار مقدمہ درج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تھانہ کسوکی کے علاقہ مانگٹ اونچا میں مزدور پر بااثر افراد کا تشدد، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے پر ڈی پی او حافظ آباد کا نوٹس ملزمان گرفتار مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق مانگٹ اونچا تھانہ کسوکی کی حدود میں بااثر افراد طیب ولد ہدایت، ہیرا ولد اقبال، بابر ولد سیف، طیب ولد شوکت، زین ولد سرفراز اور دو نامعلوم ملزمان نے شریف شہری مزدور علی حمزہ پر بہیمانہ تشدد کیا اور اس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر اپلوڈ کر کے علاقے میں خوف وہراس پھیلایا۔

ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی لوٹ لی گئی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈکیتی کی تین مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کی نقدی، موبائل فون و دیگر سامان سے محروم زاہد موٹر سائیکل پر سوار اپنی دوکان کیلئے جوتے خرید کر واپس آ رہا تھا کہ گلوٹیاں موڑ کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 3 لاکھ 50 ہزار روپے، موبائل فون، اے ٹی ایم کارڈز وغیرہ چھین لئے۔

نارنگ منڈی میں ٹریفک شعور آگاہی مہم کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

سیمینار میں ایجوکیشن ونگ کے انچارج ڈاکٹر سید شفقت رسول نے ٹریفک آگاہی کے سلسلے میں لیکچر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب اور ڈی پی او سیالکوٹ کی خصوصی ہدایت پر ٹریفک شعور آگاہی مہم کے سلسلے میں ٹریفک ایجوکیشن ونگ کے زیر اہتمام روڈ سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار میں ایجوکیشن ونگ کے انچارج ڈاکٹر سید شفقت رسول نے ٹریفک آگاہی کے سلسلے میں لیکچر دیا۔ اس سیمینار میں طلباء، اساتذہ اور دیگر شرکاء کو ٹریفک کے بنیادی اصولوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ روڈ سیفٹی صرف ڈرائیورز کی نہیں بلکہ ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ دوران سفر ٹریفک قوانین کی پابندی، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال، اشاروں کا احترام، موبائل فون سے اجتناب اور کم عمر ڈرائیونگ سے پرہیز جیسے اقدامات قیمتی جانوں کو محفوظ رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے والدین اور اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں میں ٹریفک شعور اجاگر کریں۔ کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل نہ دیں اور رون ویلنگ سے منع کریں۔ یہ والدین کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو اس خونی کھیل سے باز رکھیں تاکہ ایک محفوظ معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ سیمینار میں بڑی تعداد میں طلباء اور اساتذہ نے شرکت کی اور ٹریفک پولیس کی اس مثبت کاوش کو سراہا۔



چوہدری عطاء مصطفیٰ ایڈووکیٹ نے ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس جائن کر لیا

سینیئر لاء آفیسر ملک شہباز احمد و شرکاء کیجانب سے خیر مقدم



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چوہدری عطاء مصطفیٰ ایڈووکیٹ نے معروف لاء آفیسر ملک شہباز احمد اعوان کا آفس جائن کر لیا۔ اس موقع پر سابق سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نذیر وینس وشرکاء بھی موجود تھے۔ مقبول وکیل رہنما ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ملک شہباز احمد اعوان نے اس موقع پر اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس مجتمعوں بھرے ایک گلدستے کا نام ہے الحمدللہ ہمارے شرکاء ومعزز وکلاء بار ہمارے لئے قابل عزت صد احترام ہیں اور ہم سب رول آف لاء کی سپریمیسی کیلئے ایک ہیں۔ سابق سیکرٹری بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نذیر وینس نے کہا کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے ممبران کی فلاح وبہبود کے لئے ہمہ وقت پہلے بھی کوشاں تھے اب بھی حاضر ہیں۔

سرحدی دیہات کو جانے والا اہم ترین لونگ والا منڈھیالی روڈ کارپٹ نہ ہو سکا

اہل علاقہ کی مشکلات بڑھ گئیں نارنگ کے نواحی سرحدی دیہاتوں منڈھیالی لونگ والا اور بریار روڈ کو کارپٹ نہ کرنے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سرحدی دیہات کو جانے والا اہم ترین لونگ والا منڈھیالی روڈ کارپٹ نہ ہو سکا اہل علاقہ کی مشکلات بڑھ گئیں نارنگ کے نواحی سرحدی دیہاتوں منڈھیالی لونگ والا اور بریار روڈ کو کارپٹ نہ کرنے کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا اور نہ ہی ان سڑکوں کی عدم تعمیر پر کوئی ایکشن لیا صوبائی محتسب پنجاب کے فیصلے کے مطابق ڈپٹی کمشنر ضلع شیخوپورہ کو واضح ہدایات کی گئی ہے کہ وہ منڈھیالی لونگ والا روڈ کی تعمیر مکمل کروا کر 45 روز میں اس کی رپورٹ صوبائی محتسب پنجاب آفس میں جمع کروائیں لیکن صوبائی محتسب پنجاب کے احکامات کو بھی ڈپٹی کمشنر ضلع شیخوپورہ نے ہوا میں اڑا دیا جو باعث تشویش ہے اگر مذکورہ سڑکوں کی تعمیر جلد از جلد مکمل نہ ہوئی تو جماعت اسلامی ڈپٹی کمشنر ضلع شیخوپورہ کے دفتر کے باہر احتجاجی دھرنا دے گی۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لینے ٹی ایچ کیو ہسپتال پہنچ گئیں

ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ریناله خورد اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لینے ٹی ایچ کیو ہسپتال پہنچ گئیں، انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز میں مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا اور ڈاکٹر و سٹاف کی حاضری چیک کیے اور میڈیکل ریکارڈ کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے کہا کہ مریضوں کو کوالٹی میڈیکل سروسز کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں جس کے تحت سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ کے لیے بہترین انتظامات کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جاسکیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کے احکامات پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت شہر کے مختلف مقامات پر کارروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کے احکامات پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت شہر کے مختلف مقامات پر کارروائیاں، سب ڈویژنل افسر ٹیکسٹائل سٹی وسیم جاوید نے شہر کے مختلف مقامات پر تجاوزات کا باعث بننے والے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کیں، انہوں نے جی ٹی روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے تجاوزات کے سامان کو قبضہ میں لیتے ہوئے 28 ہزار روپے اور کچہری روڈ پر دکانداروں کو 8 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جبکہ حق بازار میں عارضی تجاوزات کرنے والے دکانداروں کو عوامی دشواری کے پیش نظر بازار کو فوری طور پر کلیئر کرنے کے لیے وارننگ بھی دی، اس موقع پر سب ڈویژنل افسر ٹیکسٹائل سٹی وسیم جاوید نے کہا کہ عوام کے لیے دشواری کا باعث بننے والی تجاوزات کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور تجاوزات کرنے والے دکاندار سخت کاروائیوں کے لیے تیار رہیں۔

سمندری/چوہدری مستقیم مہار کی ''مہار ہاؤس'' پر تشریف لانیوالے معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں

حلقہ پی پی 104 کے عوام میرے اپنے ہیں ان کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں، گنگتو



سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری مستقیم مہار کی ''مہار ہاؤس'' پر تشریف لانیوالے معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں حلقہ کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے رہنما کی مہار ہاؤس ہاؤس تشریف لانیوالے معززین حلقہ سے خصوصی ملاقاتیں حلقہ کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، چوہدری مستقیم مہار بعد ازاں حلقہ پی پی 104 کے مختلف دیہات میں فوت شدگان کے لواحقین سے تعزیت کرنے کیلئے پہنچے جہاں انہوں نے مرحومین کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی کی اور کہا کہ حلقہ پی پی 104 کے عوام میرے اپنے ہیں ان کے دکھ درد میں شریک ہونا اپنا اولین فرض سمجھتا ہوں، مہار ہاؤس کے دروازے حلقہ سمیت سمندری کے عوام کیلئے دن رات کھلے ہیں۔

مادرِ وطن کے دفاع میں جان قربان کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں: مرزا عالم

پوری قوم نے بھارتی جارحیت کے دوران بردباری اور نظم وضبط کا مظاہرہ کیا



پسرور (عاطف علوی سے) تفصیلات کے مطابق یوم تشکر کے موقع پر سیاسی وسماجی رہنما حاجی مرزا محمد عالم کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم نے بھارتی جارحیت کے دوران بردباری اور نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور سیاسی وعسکری قیادت نے یکجہتی کا عملی ثبوت دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے بھارتی جارحیت کا مردانہ وار جواب دیا اور شہداء کی قربانیوں کو قوم کبھی نہیں بھولے گی۔ ہر پاکستانی دفاع وطن عزیز کے لیے اپنی جان قربان کرنے کو تیار ہے۔ مرزا محمد عالم نے مزید کہا کہ پاکستان کی بہادر اور پیشہ وارانہ مسلح افواج نے دشمن کو اسی کی زبان میں مؤثر اور بھرپور جواب دے کر تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا ہے۔ آج، بھارت کی کھلی جارحیت اور اشتعال انگیزی کے خلاف پاکستان کی شاندار کامیابی اور فتح پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کے لئے ملک بھر میں یوم تشکر منایا جا رہا ہے

کم عمر کی شادی کی روک تھام کے لئے 2025 کی قانون سازی خوش آئند ہے: چوہدری امتیاز

وزیر آباد (نامہ نگار) کم عمری کی شادی کی روک تھام کے لئے 2025 کی قانون سازی خوش آئند ہے، نکاح فارم میں قومی شناختی کارڈ کے اندراج سے قانون پر عملدرآمد آسان ہو جائے گا، قانون کی خلاف ورزی پر سزاؤں سے بھی پیچیدگیوں کو بچا سکے گا، اس قانون سے آگاہی اور لوگوں میں شعور اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے پوڈا (PODA) کی اس قانون کی عملداری میں اہم کردار ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیر آباد چوہدری امتیاز احمد خان، جنرل سیکرٹری عثمان مالک طور نے گورنمنٹ گرلز کالج برائے خواتین جی ٹی روڈ میں پوڈا (PODA) کے زیر اہتمام کم عمری کی شادی واسکی پیچیدگیوں کے متعلق منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق ایم پی اے بیگم طلعت شوکت چیمہ، پرنسپل پروفیسر مسز عائشہ عشرت، ڈاکٹر نورین جمیل، میڈم ثمینہ، ڈاکٹر فرح ادیبا گوندل، پروفیسر عائشہ فاطمہ ثنائی، فرزانہ ذیشان، ڈاکٹر سید رضا سلطان، علامہ عمر رفار ضوی، پیر غلام شبیر، رانا شہزاد، قیصر ڈار نے بھی خطاب کیا۔

پولیس تھانہ سٹی ایس ایچ او عامر رشید چیمہ نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا

شکر گڑھ (عمران عارف سے) پولیس تھانہ سٹی ایس ایچ او عامر رشید چیمہ نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ایک اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا ہے، جس کے قبضے سے ناجائز اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ ایس ایچ او کے مطابق گرفتار ملزم سنگین مقدمات میں مطلوب تھا اور طویل عرصے سے مفرور تھا۔ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو دھر لیا اور پابند سلاسل کر دیا ہے۔ جبکہ دوسری کارروائی محلہ فیصل ٹاؤن میں کی گئی اور ملزم سے 10 لیٹر شراب برآمد کر لی گئی ہے۔

13 سالہ بچی مہک فاطمہ کو عارف والا، ضلع پاکپتن سے بازیاب کروا کر والدین کے حوالے کر دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی پی او حافظ آباد کی قیادت میں تھانہ سٹی حافظ آباد کی شاندار کارکردگی 12/13 سالہ بچی مہک فاطمہ کو عارف والا، ضلع پاکپتن سے بازیاب کروا کر والدین کے حوالے کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی حافظ آباد میں کرامت علی ولد اللہ دتہ کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 911/25 بجرم 365B درج کیا گیا۔ مدعی مقدمہ کے مطابق اس کی 12/13 سالہ بیٹی مہک فاطمہ گھر سے سائنس کی کتاب لینے بازار گئی تھی جو نامعلوم ملزمان کے ہاتھوں اغواء ہو گئی۔ ڈی پی او حافظ آباد عاطف ندیر کی ہدایات پر SHO تھانہ سٹی حافظ آباد کی نگرانی میں انچارج چوکی A ڈویژن سب انسپکٹر عمران علی نے ٹیم تشکیل دی۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل سنے

اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ضلعی محکموں کے سربراہان بھی روزانہ عوام کے لئے قابل رسائی رہیں



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل سنے اور شہریوں کی درخواستوں پر موقع پر ہی افسران کو دادرسی کا حکم دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا ازالہ ان کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اسسٹنٹ کمشنرز سمیت ضلعی محکموں کے سربراہان بھی روزانہ عوام کے لئے قابل رسائی رہیں۔ عوامی مسائل کو خندہ پیشانی سے سن کر ان کے مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات ہونے چاہئیں۔ انہوں نے درخواست گزاروں سے کہا کہ ڈپٹی کمشنر آفس کے دروازے عوام الناس کے لئے کھلے ہیں اور ان کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ سروسز کو عوامی توقعات کے مطابق بنانے کیلئے پرعزم ہیں۔

فیصل کی تمام تاجر برادری اور بالخصوص ڈائز اینڈ کیمیکلز کی ٹریڈ سے وابستہ کاروباری کمیونٹی بڑی اہمیت کی حامل ہے: میاں زاہد ایوب

بزنس کمیونٹی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی حیثیت رکھتی ہے اور بزنس کمیونٹی کے ٹیکس کے پیسوں سے ہی یہ ملک چل رہا ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائیز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن کی حلف وفاداری خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی گروپ لیڈر میاں زاہد ایوب نے کہا فیصل کی تمام تاجر برادری اور بالخصوص ڈائز اینڈ کیمیکلز کی ٹریڈ سے وابستہ کاروباری کمیونٹی بڑی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ ملکی ٹیکسٹائل کی ایکسپورٹ کا انحصار اسی کمیونٹی کے درآمد کردہ خام مال کی مرہون منت ہے لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ڈائیز اینڈ کیمیکلز کے کاروبار سے منسلک افراد کو زیادہ سے زیادہ ٹیکس چھوٹ دی جائے اور کمرشل امپورٹر کو دیگر سٹیک ہولڈرز کی طرز پر مساوی بنیادوں پر امپورٹ کی اجازت دی جائے بزنس کمیونٹی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی حیثیت رکھتی ہے اور بزنس کمیونٹی کے ٹیکس کے پیسوں سے ہی یہ ملک چل رہا ہے ہمارے امپورٹر کروڑوں کی مد میں حکومت کو ٹیکس ادا کر رہے ہیں لیکن ان کے لیے سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں بزنس کمیونٹی کو سہولیات فراہم کی جائیں اور سسٹم کو سادہ آسان اور موثر بنایا جائے نو منتخب صدر حاجی محمد جاوید قادری نے اپنے خطاب میں کہا میں اور میری کابینہ انشاءاللہ اس سال ہم اپنے ممبران کی بھرپور خدمت کریں گے اور ان کے ہر قسم کے مسائل کو حل کروائیں گے میرا یہ وژن ہے آپ اور عہدیداران سے مل کر اپنی کمیونٹی کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جائے اور فیصل آباد کی تمام ڈائیز اینڈ کیمیکلز کمیونٹی کو اپنے پلیٹ فارم پر متحد کیا جائے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا آپس میں اتحاد اور اکٹھ ہی ہماری کامیابی کا ضامن ہے میری بھرپور کوشش ہوگی اپنے ممبران کے لیے زیادہ سے زیادہ ورکنگ کی جائے اپنے ممبران کے ہر طرح کے مفادات کا تحفظ کیا جائے ہم ممبران کو ٹیکنیکل بنیادوں پر مضبوط بنانے کے لیے پیشوز گالا اور مختلف تفریحی ایونٹس وسیمینارز/ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا میں سینئر قیادت بالخصوص گروپ لیڈر اور ان کے دیگر ساتھیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں میری دعا ہے کے اللہ ہمیں اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ہمارا یہ سفر خیر و خوبی اختتام پذیر ہو آخر جنرل سیکرٹری محمد الیاس نے کہا میں اپنے تمام معزز مہمانان گرامی عہدیداران وممبران کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کے وہ آج کی میٹنگ میں تشریف لائے آپ سب کی محبتوں کا بہت بہت شکریہ۔

سیالکوٹ: قتل، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب 3 اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیا

گرفتار ملزمان کی شناخت آفتاب افضل، ارمان گورائیہ اور محمد امین کے نام سے ہوئی ہے، پولیس تفتیش جاری



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ ایف آئی اے امیگریشن سیالکوٹ اور انٹرپول کی مشترکہ کاروائیاں، قتل، اقدام قتل کے مقدمے میں مطلوب 3 اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت آف

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) منگل 20 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے بارے میں حقیقی رائے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نتیجہ 1

پروگرام کی خود مختاری دی جبکہ باقی ماندہ اطلاعات کے ترقیاتی پروگرام، انسداد تجاوزات بیوی فیکٹیمن کے حقوق اجلاس کل (20 مئی) دوبارہ بلائے گا فیصلہ ہوا۔ اس میں وہ بھر کے تمام کنسٹرائر اور ڈپٹی کمشنرز نے شرکت کی جبکہ اس اہم میٹنگ میں ڈسٹرکٹ میں پبلی فیکٹیمن اور انسداد تجاوزات آپریشن کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی بھرپور فارنس بھرپور ہے مگر بہتری کی بہت گنجائش ہے، عوام میں ریلیف کا احساس اسی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت بہت کم ہے اور عوام کے لیے اہم بہت کچھ کرنا باقی ہے، جھگڑے کرنیوالے سے عمل پاک میں ہم بیورو کریٹ کے ساتھ ہیں، ہمارے ساتھی افسران کی کریڈٹ کی بھی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی بھرپور کوشش ہے کہ ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو ٹیچنگ ہسپتال کے طور پر اپ گریڈ کیا جائے۔ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی ہر ڈسٹرکٹ میں ایک ایمرجنسی سروس ہو، ہر ڈسٹرکٹ میں ایک ٹراما سنٹر ہو،

غزہ کی پٹی پر اسرائیلی بم باری جاری، 171 فلسطینی جاں بحق

اسرائیل نے شدید فضائی حملے کیے جن کا نشانہ پناہ گزینوں کے خیمے اور رہائشی مکانات تھے، محکمہ شہری دفاع

ان حملوں میں فضائیہ، بحری جنگی کشتیوں، ٹینکوں اور توپ خانے نے حصہ لیا، جو مغربی بیت لاہیا (شمالی غزہ) تک تعینات ہیں

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں اسرائیلی بم باری میں شدت آ گئی ہے۔ آج پیر کی صبح اسرائیلی طیاروں نے مختلف علاقوں کو نشانہ بنایا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ان حملوں میں فضائیہ، بحری جنگی کشتیوں، ٹینکوں اور توپ خانے نے حصہ لیا، جو سرحدی چوکی پر مشرقی رفح (جنوبی غزہ) سے لے کر مغربی بیت لاہیا (شمالی غزہ) تک تعینات ہیں۔ ادھر غزہ میں شہری دفاع نے عملے کی صبح اعلان کیا کہ اسرائیل نے شدید فضائی حملے کیے جس کا نشانہ پناہ گزینوں کے خیمے اور رہائشی مکانات تھے۔ یہ حملے غزہ کے جنوبی، وسطی اور شمالی علاقوں میں کیے گئے۔ ان حملوں کے نتیجے میں 11 فلسطینی جاں بحق ہوئے۔

نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کی اپ گریڈیشن کی جائیگی، ملک فیصل ایوب کھوکھر

آرچری سپورٹس کمپلیکس، ٹیبل ٹینس ایریا، بورڈ گیمز سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا جائے گا، ویلیڈرومز کو از سر نو بحال کیا جائے گا، پنجاب سٹیڈیم میں تماشائیوں کی گنجائش کو بڑھایا جائے گا

جام پور اور راجن پور میں سپورٹس اسٹیڈیم کو بحال، چیچہ وطنی اور ڈی جی خان سٹی میں سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، ساہیوال سمیت کئی شہروں میں مٹی ہاکی ٹرف بچھائی جائیگی، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، مالی ترقیاتی سال 2025-26 کے حوالے سے کھیلوں کی مختلف اسکیموں کا جائزہ لے رہے ہیں



صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، مالی ترقیاتی سال 2025-26 کے حوالے سے کھیلوں کی مختلف اسکیموں کا جائزہ لے رہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت محکمہ کھیل و یوتھ افیئرز پنجاب کی سٹیڈیم میں ہونیوالے اجلاس میں اگلے 3 سے 5 سال کے دوران صوبہ بھر میں 175 سپورٹس کمپلیکس، کھیل میدان، ٹینس ایریا، بورڈ گیمز سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا جائے گا، ویلیڈرومز کو از سر نو بحال کیا جائے گا، پنجاب سٹیڈیم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

قلعہ عبداللہ کی مارکیٹ میں دھماکہ، 4 افراد شہید، 10 شدید زخمی

قلعہ عبداللہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں مارکیٹ میں دھماکہ ہوا، دھماکے میں چار افراد شہید جبکہ 10 سے زائد افراد زخمی ہوگئے، دھماکے کی اطلاع پر پولیس، ریسکیو حکام اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں، زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں منتقل کردیا گیا۔

سابق امریکی صدر جو بائیڈن میں پروسٹیٹ کینسر کی تشخیص

بائیڈن اور ان کا خاندان علاج کے آپشنز کا جائزہ لے رہے ہیں، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے سابق صدر جو بائیڈن میں پروسٹیٹ کینسر کی تشخیص ہوئی ہے۔ 82 سالہ جو بائیڈن کو پروسٹیٹ کینسر کی اس وقت ہوئی تشخیص ہوئی جب پیشاب سے متعلق کچھ علامات سامنے آنے کے بعد ڈاکٹر سے معائنہ کیا گیا۔ ڈاکٹر نے چند اسٹینڈرڈ ٹیسٹ کرانے کے بعد سابق صدر میں کینسر کی تصدیق کی۔ سابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

ملک کی ترقی میں بڑی رکاوٹ کرپشن ہے، چوہدری عبدالرزاق ڈھلوں

حکومت کرپشن کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے

تمام صلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کا تاریخ ساز ریلیف یقینی دیگی جس کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں تبدیلی محسوس ہو۔ان کا کہنا تھا کہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہمارے تمام ادارے بروئے کار لا رہی ہے اور بہت جلد عوام کو ریلیف کے ثمرات حاصل ہونگے۔



لاہور: انٹرمیڈیٹ کا امتحان دینے کیلئے طلباء امتحانی سنٹر میں داخل ہو رہے ہیں

اسرائیلی جاسوس کوہن کی اشیا شام سے منتقل کرنے کا انکشاف

منتقل کی گئی اشیا شامی انٹیلی جنس نے اپنے سرکاری آرکائیو میں رکھی تھیں، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی موساد کے ایک خفیہ آپریشن میں مشہور اسرائیلی جاسوس ایلی کوہن سے متعلق رکھے والے تقریباً 2,500 دستاویزات، تصاویر اور ذاتی اشیا کو اسرائیل کے اندر منتقل کیا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اسرائیلی اخبار یدیعوت احرونوت نے ہفتہ کے روز اس خبر کا انکشاف کیا۔ اخبار کے مطابق ایلی کوہن کی دستاویزات اور ذاتی اشیا شامی انٹیلی جنس نے اپنے سرکاری آرکائیو میں رکھی تھیں۔ اسرائیلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

خاندانی شادیوں کے باعث موروثی بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ

کچھ بیماریاں صرف پاکستان میں ہی دریافت ہوئے کا انکشاف، تشویشناک رپورٹ

لاہور (این این آئی) ماہرین صحت نے خبردار کیا ہے کہ خاندانی شادیوں کے باعث موروثی بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ماہرین صحت نے کہا کہ خاندانی شادیوں کے باعث موروثی بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہے۔ ماہرین صحت نے کہا کہ کچھ بیماریاں صرف پاکستان میں ہی دریافت ہوئی ہیں جن کا علاج دنیا میں کہیں نہیں ہے۔ ماہرین صحت نے کہا کہ خاندانی شادیوں کے باعث موروثی بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ